بسم اللہ الرحمن الرحیم
یا اللہ جل جلالہ
یارسول اللہ ﷺ
کونوا مع الصادقین
بہارِ طریقت
حسب ارشاد
جگر گوشہ خواجۂ ملت جامع المعقول والمنقول پیر طریقت، رہبر شریعت واقف اسرار ورموز
معرفت وحقیقت حضرت علامہ قبلہ صاحبزادہ محمد حسن نقشبندی باروی مجددی دامت برکاتہم العالیہ
سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت پیر بارو شریف ؒ ضلع لیہ
از قلم: خلیفۂ قیوم زماں مرشد بارو کریم ؒ اسیرِ دیار حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حضرت علامہ مولانا ابوالرضا اللہ بخش نیّر رحمۃ اللہ علیہ مجددی باروی قادری رضوی سعیدی چشتی
دربار عالیہ نیّریہ ہوت والا شریف جمن شاہ ضلع لیہ پنجاب (پاکستان)
بانی: انجمن سپاہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاکستان
ترتیب وپیشکش:۔ پروفیسر صاحبزادہ احمد رضا اعظمی نیّری باروی
سرپرست بزم نیّر و ادارہ تحقیقات نیّر جمن شاہ ضلع لیہ پنجاب پاکستان
برائے رابطہ: 0332-6468320 - 0300-8762360

یا اللہ جل جلالہ — بسم اللہ الرحمن الرحیم — یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فاسئلوا اھل الذکر اِن کُنتم لا تعلمون (القرآن)

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

کتاب مستطاب

حسب ارشاد

جگر گوشۂ خواجۂ ملت جامع المعقول والمنقول پیر طریقت، رہبر شریعت واقف اسرار و رموز معرفت وحقیقت حضرت علامہ قبلہ خواجہ **محمد حسن** نقشبندی مجددی باروی دامت برکاتہم العالیہ

سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت پیر بارو شریف

ازقلم: خلیفۂ قیوم زماں مرشد بارو کریم اسیرِ دیار حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت علامہ مولانا ابوالرضا **اللہ بخش نیّر** رحمۃ اللہ علیہ مجددی چشتی قادری نقشبندی مجددی باروی چشتی حیدری سلیمانی قادری رضوی مشرباً سعیدی وخیرآبادی تلمذاً، عباسی لاڑ نسباً

دربار عالیہ نیّریہ ہوت والا شریف جمن شاہ ضلع لیہ پنجاب (پاکستان)

بانی: انجمن سپاہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاکستان

ناشر:۔ صاحبزادہ محمد محسن رضا اعظمی نیّری

ناظم: ادارہ تحقیقاتِ نیّر و بزم نیّر جمن شاہ ضلع لیہ پنجاب پاکستان

برائے رابطہ: 0303-7448830 -- 0332-6468320

(سُندر پرنٹرز لیہ 410821)

نام کتاب: بہارِ طریقت

مصنف: حضرت علامہ مولانا پیر ابوالرضا اللہ بخش نیّر مجددی باروی رحمتہ اللہ علیہ

تقریظ: جنید العصر حضرت ڈاکٹر عبدالمنعم احمد نقشبندی نیّری رحمتہ اللہ علیہ

ترتیب: پروفیسر صاحبزادہ احمد رضا اعظمی نیّری باروی

ناشر: صاحبزادہ محمد محسن رضا اعظمی نیّری

اشاعت اوّل: 2000ء

اشاعت دوم: 2016ء

تعداد: 1000

ملنے کے پتے:

1۔آستانہ عالیہ نیّریہ ہوت والا شریف جمن شاہ ضلع لیہ (پنجاب۔پاکستان)

0300-8762360 -- 0303-7448830

2۔رانا حاجی سجاد نواز / ضیاء الرحمٰن نقشبندی نیّری بلاک نمبر 12 ڈیرہ غازیخان

0335-7655426 -- 0311-6788500

3۔رانا احمد فرزدق علی خان نقشبندی نیّری ایڈووکیٹ محلہ راجپوتاں تلمبہ تحصیل میاں چنوں ضلع خانیوال

0300 - 6880504

فہرست

نَحمدہٗ وَنصلی علیٰ حبیبہ الکریم
وَعلی آلہٖ وَاصحابہٖ اَجمعین اَمابعد

............انتساب............

بقول امام ربانی مجدد الف ثانیؒ امام عسکریؒ کی وفات کے بعد سے ظہور امام مہدی رضی اللہ عنہ تک قسام ولایت پیران پیر غوث الثقلین سیّد الاولیأ سید عبدالقادر جیلانی حسنی حسینیؒ جن کا قدم ہر ولی کی گردن پر ہے کے اسم گرامی سے یہ ناچیز مؤلف اپنی اس تالیف کو منسوب کرتا ہے۔ جن کی روح کے ایصال ثواب کے لیے نماز ظہر کے بعد ان کے نام کا ختم ہر نقشبندی دربار پر پڑھا جاتا ہے اور پیر سواگؒ کے پیر خواجہ عثمان دامانی دربار موسیٰ زئی شریف والے نے مجموعہ فوائد عثمانی کے پہلے صفحہ پر لکھا کہ جملہ حاجات پیر دستگیر کے وسیلہ سے مانگے اور بقول مرشد باروکریم سرکار پیر سواگؒ غوث کی گیارھویں شریف کا باقاعدگی سے ختم ولنگر تقسیم فرمایا کرتے تھے۔

............سگ دربار جیلانی............

گدائے کوئے نقشبند وچشت اھلبہشت نیّر مجددی باروی الحسنی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

انسان جسم اور روح کا مرکب ہے۔ جسم مٹی سے بنا ہے۔ تو جسم کے لیے جو غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ مٹی سے آتی ہے۔ اور روح عالم امر (غیب کی دنیا کی چیز ہے) اس روح کو بھی جسم کی طرح غذا کی ضرورت ہے۔ جسم کو غذا نہ ملے تو جسم لاغر اور کمزور حتی کہ مردہ ہو جاتا ہے۔ اسی طرح اگر روح کو بھی غذا نہ ملے تو روح بھی کمزور یا مردہ ہو جاتی ہے۔ جسم مردہ ہو جائے گویا جان جاتی ہے۔ اور روح مردہ ہو جائے گویا ایمان جاتا ہے۔ ایمان (عقیدہ) جان سے زیادہ قیمتی ہے تو روح کے لیے بھی غذا کی ضرورت ہے۔ روح چونکہ غیب کی چیز ہے۔ تو اس کی غذا بھی عالم غیب سے آنی چاہیے۔ تو روح کی غذا جو (عالم غیب) عالم امر سے آئی ہے۔ اسے ذکر الٰہی کہتے ہیں قرآن پاک میں ہے:

اَلَآ بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْب

ترجمہ: ''خبردار اللہ کے ذکر سے دلوں (روحوں) کو اطمینان نصیب ہوتا ہے''۔

اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب کریم ﷺ کا ذکر کرنا نماز، روزہ، قرآن پاک کی تلاوت، شریعت کی پابندی کرنا گویا ہر عبادت ذکر الٰہی ہے۔ درود شریف، استغفار، کلمہ طیبہ کا ورد، اللہ تعالیٰ اور رسول معظم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اسمائے الحسنٰی ورد کرنا ذکر الٰہی میں شامل ہیں۔

جسم کی بیماری کے علاج کے لیے جسمانی ڈاکٹر کی ضرورت اور روح کی بیماریوں کے علاج کے لیے روحانی ڈاکٹر کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان روحانی ڈاکٹروں یا معالجوں کو مرشد کامل شیخ یا پیر کامل کہتے ہیں۔ یہ اولیاء اللہ وصوفیائے عظام ہماری روح کی بیماریوں (غصہ، تکبر، حسد، بغض، نفرت، شہوت، دنیا طلبی، خواہشات نفسانی وشیطانی اور دیگر گناہوں

اور نافرمانیوں وغیرہ) کے روحانی معالج یا طبیب یا ڈاکٹر ہیں۔ داتا علی ہجویری گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ، خواجہ غریب نواز خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ، غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، سید شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ، خواجۂ خواجگان بہاء الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مجددالفِ ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ، سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ، بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ، خواجہ عثمان دامانی رحمۃ اللہ علیہ، خواجہ غلام حسن سواگ رحمۃ اللہ علیہ اور قیوم زمان پیر عبداللہ بارو کریم رحمۃ اللہ علیہ جیسے نفوس قدسیہ یہ وہ اولیائے کرام اور روحانی معالج ہیں۔ جن کے سینے انوار وتجلیات الٰہیہ کے مرکز و مہبط ہیں۔ جن کی نگاہ پرتاثیر، قلوب کو روشن کرنے والی اور جن کے روحانی فیوضات وبرکات اور سینوں کے انوار سے روح منور اور پاک ہو جاتی ہے۔

نگاہِ ولی میں وہ تاثیر دیکھی
بدلتی لوگوں کی تقدیر دیکھی

ان پاک اولیاء اللہ اور عظیم ہستیوں میں ایک ہستی میرے پیرومرشد، نیر ولایت، نیر اعظم، نیر تاباں، نیر ملت، طریقت کے شہباز لامکانی، واقف اسرار حقیقت ومعرفت، فائز مقام قیومیت وعبدیت، اسیر دیار حبیب ﷺ، مفسر قرآن حضرت علامہ پیر ابوالرضا اللہ بخش نیر نقشبندی مجددی چشتی قادری رحمۃ اللہ علیہ کی ذات پاک ہے۔ جن کے روحانی وعلمی فیوضات وبرکات سے بے شمار سالکین کے قلوب منور ہوئے اور علمی دنیا میں عقائد واعمال کی اصلاح ہوئی۔ جن کے روحانی تصرف وکشف والہامات وکرامات، علمی فیضان اور استقامت علی الدین نے ہزاروں زندگیاں بدلیں۔ لوگوں کے قلوب ذکر الٰہی اور ذکر مصطفیٰ ﷺ کی طرف مائل ہوئے تزکیۂ نفس، تصفیۂ قلب اور تجلیہ روح کی دولت حاصل ہوئی۔ معرفت وطریقت کے راز کھلے۔ غافل لوگوں کو رجوع الی اللہ کی دولت نصیب ہوئی۔

گناہوں اور نافرمانیوں میں ڈوبے ہوئے لوگ اتباع شریعت وسنت محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر عمل پیرا ہو گئے۔آپ رحمۃ اللہ عیہ نے احیائے دین وملت کا عظیم کارنامہ شب و روز کی علمی محنت اور عشق مصطفیٰ ﷺ اور ادب و تعظیم اولیاء،صحابہ،اہل بیت علیہم الرضوان کا درس دیتے ہوئے سرانجام دیا۔

کتاب ''بہار طریقت'' دراصل مولانا نیر رحمۃ اللہ علیہ کے علمی وروحانی فیضان کا نوری چراغ ہے۔جس میں بیعت مرشد کامل،ضرورت بیعت مشائخ،سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں سلوک طے کرنے والے مریدین وسالکین کے لیے راہنمائی،سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کے اوراد وظائف،لطائف قلوب (ارواح) کی تشریح،ذکر الٰہی میں دوام وحضوری کے کمال،حصول مراقبات نقشبندیہ مجددیہ کے بارے میں سیر حاصل اور روحانی اسرار سے بھرپور گفتگو کی گئی ہے۔علاوہ ازیں ختم ھائے خواجگان کے اذکار،ختم غوثیہ،ختم چشتیہ اور میرے پیر ومرشد کو مختلف بزرگان دین کے عطا کیے گئے روحانی سلاسل وخلافت وغیرھم کے شجرہ جات بھی قلمبند کیے گئے ہیں۔

اور مخلوق خدا کی خدمت اور دُکھی دلوں اور پریشان حالوں کی پریشانی وتکلیف کو دُور کرنے کے لیے روحانی عملیات وتعویذات اور وظائف (بہ اجازت اپنے مرشد کامل پیر عبداللہ بارور رحمۃ اللہ علیہ) درج کیئے گئے ہیں۔گویا کتاب ''بہار طریقت'' گلشن روحانیت کا ایک حسین گلدستہ ہے۔جس کے مطالعے سے انشاء اللہ مخلوق خدا کی روحانی پیاس بجھے گی۔اور تشنہ لبوں کو روحانی سرچشمہ آب حیات میسر ہوگا۔پرشکوک قلوب کو یقین کامل کی دولت نصیب ہوگی۔استدلال کی دنیا مشاہدات کے حصول کے لیے راہ پالے گی۔گویا یہ کتاب تشنگان معرفت وتزکیہ نفس کے لیے اک مینارۂ نور ہے۔

یاد رکھیئے! جس طرح انسانوں کا وجود تا قیامت ہے۔اسی طرح جسمانی معالجوں اور روحانی ڈاکٹروں کا وجود بھی لامحالہ تا قیامت ہوگا۔وجود اولیاء اللہ اور مرشد کامل خدا کی

نعمت غیر مترقبہ ہے۔ان کے در کی گدائی نجات وفلاح دارین ہے۔

درکوئے نیر رحمۃ اللہ علیہ کا فیضان آج بھی جاری وساری ہے اس آستانہ عالیہ کے دو عظیم ماہتاب، گلشن نیر کے دو خوشبودار پھول اب بھی فیضان نیر کی عظیم روشنی بکھیر رہے ہیں۔اور گلشن نیر کو معطر کر رہے ہیں۔

صاحبزادگان نیر حضرت علامہ مفتی پیر احمد رضا اعظمی صاحب مدظلہ العالی (سجادہ نشین آستانہ عالیہ نیر ہوت والا شریف جمن شاہ ضلع لیہ)

اور صاحبزادہ حضرت علامہ محسن رضا صاحب مدظلہ العالی آج بھی پیر و مرشد اللہ بخش نیر رحمۃ اللہ علیہ کے علمی و روحانی وایمانی فیضان سے مریدین وسالکین اور تشنگان علم و معرفت کے قلوب کو انوار الٰہیہ ،عشق مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام، ادب و تعظیم اولیاء اور اتباع سنت کے نور سے منور کر رہے ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو تصوف و روحانیت کے متلاشیوں کے لیے تا قیامت راہنما بنائے اور نیر اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی فیضان اور نگاہ عنایت اور صاحبزادگان کی دعاؤں اور تربیت سے مریدین اور سالکین کی روحانی پیاس بجھتی رہے۔ اور انوار آستانہ نیر سے اک دنیا روشن ہوتی رہے۔

آمین بجاہ النبی الامین ﷺ

گدائے کوئے نیر وخادم الفقراء

ڈاکٹر محمد عبدالمنعم احمد نقشبندی مجددی نیری

ڈیرہ غازی خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

منکرین بیعت مشائخ کہتے ہیں سوائے بیعت جہاد کے قرآن وحدیث میں بیعت مشائخ کا ثبوت نہیں ہے۔

(۱) اثبات بیعت مشائخ

ارشاد خداوندی ہے: وَابْتَغُوْا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ خدا کی معرفت اور اس تک پہنچنے کے لیے وسیلہ اور ذریعہ تلاش کرو۔ القول الجمیل مصنفہ شاہ ولی اللہ محدث دھلوی کی شرح شفاء العلیل صفحہ ۲۱ میں ہے ہم نے اپنے جد امجد حضرت شاہ عبدالرحیم قدس سرہ کے ایک مرید سے سُنا کہ اُن کے ہم عصر ایک عالم نے ان سے بیعت مشائخ کے سنت یا بدعت ہونے میں گفتگو کی جد امجد نے واسطے مشروعیت بیعت کے اس آیت سے استدلال کیا اور فرمایا وسیلہ سے ایمان اس لیے مراد نہیں کہ خطاب اہل ایمان سے ہے اور عمل صالح بھی مراد نہیں ہوسکتا کہ وہ تقویٰ میں داخل ہے۔ اس واسطے کہ تقوای عبارت ہے امتثال اوامر اور اجتناب نواہی سے۔ اسی طرح جہاد بھی مُراد نہیں ہوسکتا بدلیل مذکورہ یعنی تقوای میں داخل ہے۔

پس متعین ہو گیا کہ وسیلے سے مراد ارادت اور بیعت مرشد کی ہے۔

قرآن مجید میں ازلی گمراھوں کو (فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِیًّا مُّرْشِدًا)

ولی اور مرشد نہیں ملتا یعنی وہ بے مرشد اور بے پیر ہوتے ہیں۔ ارشاد خداوندی ہے ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ۔ یداللہ فوق ایدیھم فمن نکث فانما ینکث علیٰ نفسہ ومن اوفی بما عاھد علیہ اللہ فسیؤتیہ اجراً عظیما پ ۲۶۔ اے محبوب جو لوگ بظاہر آپ کے ہاتھ پر بیعت کر رہے ہیں۔ حقیقۃً وہ خدا ہی سے بیعت کر رہے ہیں۔ خدا کا ید قدرت ان کے ہاتھوں پر ہے۔ پھر جو شخص بیعت

کو توڑے گا تو بیعت توڑنے کا وبال اس پر پڑے گا اور جس نے اس بیعت کے عہد کو پورا کیا تو اس نے اللہ تعالیٰ سے عہد کرلیا تو عنقریب خدا تعالیٰ اس کو بہت بڑا اجر دے گا غرضیکہ انسان مرید ہوتے وقت کسی ایسے مقبول بارگاہِ الٰہی متبع سنت رسول عالم باعمل کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر خدا سے عہد کرتا ہے جو کہ چند واسطوں سے نائب رسول ہے اور حضور ﷺ اللہ تعالیٰ کے نائب ہیں تو گویا مرید نے بواسطہ مرشد خدا تعالیٰ سے عہد کیا۔ اگر اس عہد کو توڑا تو اس کا وبال اٹھائے گا۔ اور اگر اس عہد پر قائم رہا تو اجر عظیم پائے گا۔

اگر کسی کو شبہ ہو کہ یہاں تو کفار کے مقابلے میں ثابت قدمی کی بیعت کا ثبوت ہے مروجہ بیعت مشائخ کیسے ثابت ہوئی؟ تو اس کے متعلق اسقدر کافی ہے کہ آیت کریمہ سے صرف اتنا ظاہر ہوتا ہے کہ حضور ﷺ کے دست اقدس پر جب کسی شخص کسی ہی خاص معاملہ میں بیعت کی وہ دراصل اللہ تعالیٰ سے بیعت ہے۔ اور ایسے بیعت کرنے والے حضرات پر خدا تعالیٰ کا دست کرم اور دست حمایت سایہ فگن ہے گویا عبارت النص سے ایک خاص اصول ثابت ہوتا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ جس کا کسی معاملہ میں حضور ﷺ سے وعدہ ثابت ہو جائے تو وہ وعدہ دراصل اللہ تعالیٰ سے ہوتا ہے۔ اور بیعت کر کے اس کو وفا کرنے والوں کے لیے اجر عظیم ہے۔ خواہ بیعت ہجرت یا جہاد یا اقامت ارکانِ اسلام یا جنگ کفار میں ثابت قدم رہنے کی ہو یا سنت رسول کے تمسک ہو اور بدعت ضلالہ اور گناہوں سے بچنا ہو اور عبادتِ الٰہی پر استقامت کی ہو وغیرہ وغیرہ۔ غرضیکہ ہر طرح کی بیعت کا جواز ثابت ہوتا ہے۔ صرف کفار کی جنگ پر ثابت قدم رہنے پر بیعت کا انحصار نہیں بلکہ حضور ﷺ کے ظاہری زمانہ حیات میں کئی قسم کی بیعت تھی۔ کتب احادیث میں ہے بیشک لوگ حضور ﷺ سے بیعت کرتے تھے کبھی ہجرت پر کبھی جہاد پر کبھی اقامت نماز، روزہ، حج وزکوٰۃ پر اور کبھی

کفار کے مقابلے میں ثابت قدم رہنے پر اور کبھی حضور علیہ ﷺ کی سنت کے تمسک پر اور بدعت ضلالہ سے بچنے پر اور عبادت کے حرص پر۔ چنانچہ حضور علیہ ﷺ نے انصار کی عورتوں سے بیعت لی کہ نوحہ نہ کریں گی۔ اور جو بیعت مشائخ عظام کا معمول ہے وہ تمسک سنت اور اجتناب بدعتِ ضلالہ اور حرص علی العبادۃ پر بیعت ہے لہٰذا واضح ہوا کہ بیعت مشائخ قرآن وسنت سے ثابت ہے۔ میرے آقا و مولا علیہ ﷺ کی بعثت مبارکہ کا مقصد بھی (یتلوا علیھم ایتہ ویزکیھم و یعلمھم الکتاب والحکمۃ)

تزکیہ نفس اور تلاوت قرآن پاک اور تعلیم قرآن وحکمت تھا۔ لفظ حکمت سے واضح ہوتا ہے کہ حضور علیہ ﷺ نے ظاہری تعلیم کے ساتھ اسرارِ معرفت وتوحید اور اسرار شرائع کی تلقین بھی فرمائی۔ تزکیہ باطن وتطہیر اخلاق کے ذریعہ علم الیقین سے عین الیقین اور حق الیقین تک پہنچا دیا۔ المختصر تزکیہ باطن کے لیے طلب شیخ اور تلاش مرشد وہادی کی اشد ضرورت ہے خاص طور پر اس پر فتن دور میں بغیر مرشد کامل کے منزل مقصود تک رسائی محال ہے اس لیے مرشد کامل کی بیعت بہت ضروری ہے حدیث پاک میں ہے کہ جس کا پیر ومرشد نہیں اس کا پیر شیطان ہے۔ کیونکہ سفر الی اللہ طویل سفر ہے جو کہ بغیر مرشد کے طے نہیں ہوسکتا۔ سالک مرشد کی صحبت کو کشتیٔ نوح تصور کرے اور بُرے لوگوں کی صحبت کو طوفان سمجھے یہی وجہ ہے

یک زمانہ صحبت با اولیاء بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

اولیاء کی صحبت سے دُور ہونا دراصل رحمت خداوندی سے دُور ہونا ہے۔ سلطان الہند خواجہ اجمیریؒ فرماتے ہیں اے طالب تو اس سے احتراز کر جو اللہ والوں کے عیب تلاش کرے۔ اللہ تعالیٰ اس مردود لعین کو اپنی رحمت سے کب سرفراز فرمائے گا۔ جو اس کے محبوبوں کی عیب جوئی کرتا ہے۔ یاد رہے کہ خاصان حق کی محبت رحمت الٰہی کا سامان ہے اللہ

تعالٰی کا قرب بغیر مرشد کامل کے حاصل کرنا محال ہے اس لیے ضروری ہے کسی بزرگ باصفا کامل عالم و عامل متبع سنت رسول اللہ ﷺ پیر کا دامن تھام لے تا کہ تجھے خدا کا وصل حاصل ہو اور راہ سلوک طے کرنے میں تجھے کسی قسم کا خوف و خطرہ لاحق نہ ہو۔

پیر راہگریں کہ بے پیرایں سفر — ھست پر آفت و خوف و خطر

خاک شودر پیش شیخ باصفا — تازخاک تو بروید کیمیا

چوں شوی دور از حضور اولیاء — درحقیقت گشتۂ دور از خدا

بیعت قلبی اور لسانی معاہدہ ہوتا ہے جو کہ بوقت مصافحہ مرشد طریقت کے طالب اپنے دل میں اقرار کرتا ہے پھر اگر وہ اقرار پر قائم رہتا ہے۔ تو طالب فیض لامتناہی سے مشرف ہوتا ہے اور قرب الٰہی میں پہنچ کر منزل مقصود کو پاتا ہے۔ پیر کا سلسلہ رسول ﷺ تک متصل ہونا لازمی ہے۔ بعض بزرگوں کو پیر کے مزار سے بھی فیض ملا ہے جیسے ابوالحسن خرقانی نے عارف بسطامی سے فیض حاصل کیا۔ اور بعض بزرگ ظاہری دوری کے باوجود پیر سے فیض حاصل کرتے ہیں۔ جیسے اویس قرنی نے حضور علیہ السلام سے ظاہری دوری کے باوجود فیض کیا۔ لیکن یہ ہرایرے غیرے کا کام نہیں۔ ہم جیسے لوگوں کے لیے ظاہری پیر پکڑنا اور اس کے ہاتھ میں ہاتھ دینا ضروری ہے۔

(۱) پیر اتنا علم رکھتا ہو کہ مسائل شرعیہ کتب اسلامی سے اخذ کر سکے۔ جاہل پیر بقول مجدد الفِ ثانیؒ مسخرہ شیطان ہے۔ عالم پیر اکسیر ہے۔

ولایت بے علم کو نہیں ملتی ولی کبھی عالم باعمل ہوتا ہے اور کبھی حصول ولایت کے بعد علمناہ من لدنا علما کی تفسیر علم لدنی کا ماہر ہوتا ہے۔ ولی کبھی عقیدہ اہلسنت کے خلاف بات نہیں کرتا۔ جو انبیاء کی عصمت پر حملہ کرتا ہے خدا کو حی بمعنی زندہ نہیں مانتا۔ کمالات نبوت (علم غیب تصرفات حیات النبی) کا منکر ہے یا کسی صحابی رسول ﷺ کی

شان میں گستاخی کرتا ہے وہ ولی نہیں اور لائق بیعت نہیں۔

وہ شیطان کا آلہ کار اور نرا جاہل اولیاھم الطاغوت کی تفسیر ہے۔

میرے مرشد عظیم بارو کریم فرماتے تھے اس دور میں اعلیٰ حضرت فاضل بریلویؒ کی ذات مینارہ نور ہے۔ جو پیران کے خلاف ہو اس سے بیعت ہونا حرام ہے۔

سلسلہ عالیہ بارویہ سواگیہ میں سلوک حاصل کرنے کا طریقہ

حسب ارشاد پیشوائے طریقت شہنشاہ نقشبند خواجہ سید بہاؤ الدین بخاریؒ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے اور وصول الی اللہ حاصل کرنے کے تین طریقے ہیں اول رابطہ، دوم ذکر الٰہی، سوم مراقبات

(۱) حصول رابطہ

طالب صادق کو لازم ہے کہ اہلسنت و جماعت کے عقائد کے مطابق عقیدہ درست رکھے۔ سلف صالحین کی پیروی و متابعت کرے۔ غیر مشروع اور ناجائز افعال واقوال کو ترک کرے۔ کسی عالم باعمل مرد خدا اور کامل مرشد سے بیعت ہو کر اس کی خدمت میں رہ کر اس سے روحانی تعلق اور رابطہ پیدا کرے۔ پیر ایسا ہو جو کسی کامل مرشد سے طریقت کا مجاز اور مقام مشاہدہ تک پہنچ کر تجلیات ذاتیہ سے شرف پا چکا ہو۔ بقول اسلاف هم الذین اذاأرُو ذکراللہ اولیاللہ وہ ہوتے ہیں جن کے دیکھنے سے خدا کی شان یاد آ جائے۔

ان کی صحبت میں نہیں آتا شقی
یہ خبر دی ہے مصطفیٰ نے اے تقی
ہر کہ خواھد ہم نشینی خدا
اونشیند در حضور اولیا

یک زمانہ صحبت با اولیاؑ

بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

شاہ عبدالرحیم دھلویؒ فرماتے ہیں کہ ذاتی اور صفاتی تجلیات کے مظہر بن جاؤ تا کہ ماسوائے اللہ کا خیال نہ رہے اگر اتنا مقدر نہ ہو تو ایسے کامل سے رابطۂ محبت پیدا کرو۔

جو شہود حقانی سے واصل ہو کر ماسوی اللہ کے تارک ہو گئے۔ جن کی توجہ سے وہ مقصود حاصل ہوتا ہے۔ جو سالہا سال کے مجاہدہ اور ریاضت سے نہیں ملتا۔

آنانکہ خاک را بہ نظر کیمیا کنند

ذرات بے قدر را ہمسر سماء کنند

سگ راولی کنند مگس راہما کنند

آیا بود کہ گوشۂ چشم بما کنند

تصور شیخ

بعض خشک مُلاں تصور شیخ کو شرک کہتے ہیں۔ حالانکہ بزرگانِ دین کا یہ معمول اس کے جواز کی واضح دلیل ہے۔ بزرگانِ دین نے اس کو ہدایت اور حصولِ فیض کا وسیلہ سمجھا ہے۔ اور اپنے مریدوں کو اس کی تلقین کی جس کے باعث وہ مراتب سلوک طے کر گئے اور اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بن گئے اور جاننا چاہیے کہ طالب صادق جب اپنے شیخ کا تصور کرتا ہے تو اس کو اپنا معبود نہیں سمجھتا بلکہ وساوس اور دنیاوی خیالات سے یکسوئی حاصل کرنے کے لیے ایک واسطہ، وسیلہ اور ذریعہ سمجھتا ہے۔ جیسا کہ کعبۃ اللہ عابد و معبود کے درمیان واسطہ ہے اور مرشد کو خدا تعالیٰ نے وسیلۂ نعمت بنایا ہے۔ اللہ تعالیٰ سالک کو جو کچھ دینا چاہتا ہے وہ مرشد کے ذریعے دیتا ہے۔ اس واسطے ہر طالب حق پر لازم ہے کہ مرشد کو خدا تعالیٰ کے فیض کا واسطہ تصور کر کے باادب بیٹھ کر فیض حاصل کرے۔

(۲) طریقہ حصول ذکر

اس کے گیارہ (۱۱) طریقے ہیں۔

(۱) ہوش دردم (۲) نظر برقدم (۳) سفردروطن

(۴) خلوت درانجمن (۵) یادکرد (۶) بازگشت

(۷) نگہداشت (۸) یادداشت (۹) وقوف زمانی

(۱۰) وقوف عددی (۱۱) وقوف قلبی

(۱) ہوش دردم

ہوش دردم سے مراد یہ ہے کہ ہر سانس کے ساتھ ہوشیار رہے۔ ذکر لسانی وقلبی سے غفلت نہ ہو حضرت جامیؒ نقشبندی کے پیر خواجہ عبید اللہ احرارؒ فرماتے ہیں اس میں ہر سانس کی نگہبانی بہت ضروری ہے کہ غفلت نہ ہونے پائے۔ اگر کسی سالک کا کوئی سانس غفلت سے گزر جائے تو اہل اللہ کی اصطلاح میں کہتے ہیں وہ شخص طریقہ بھول گیا۔ شاہ نقشبند بخاریؒ فرماتے ہیں ہمارے طریقہ میں اصل الاصول یہ ہے کہ انسان کا کوئی سانس بغیر یادِ الٰہی کے نہ ہو۔

(۲) نظر برقدم

نظر برقدم سے مراد یہ ہے کہ چلتے پھرتے وقت نگاہ پشت پا پر جمی رہے تاکہ غیر محرم پر نظر نہ پڑے۔ بعض اکابرین نے اس کا یہ مطلب بیان فرمایا ہے کہ سالک سلوک کے منازل طے کرنے میں اتنی جلدی کرے جہاں اس کی نظر ہو وہاں اس کا قدم پڑے۔

(۳) سفر در وطن

سفر کی دو قسمیں ہیں۔ایک تو ظاہری جسم سے ہے کہ ہر ایک ملک اور صحرا کی سیر کرے۔خدا کی زمین میں عجائبات مشاہدہ کرے حرمین شریفین (گنبد خضریٰ وکعبۃ اللہ) کی زیارت سے مشرف ہو۔اولیائے کرام خصوصاً اپنے سلسلہ کے بزرگوں کے مزارات پر حاضر ہو کر آستانہ بوسی کرے اور دوسرا سفر باطنی ہے کہ صفات رذیلہ زائل کر کے خصائل حسنہ حاصل کرے اسے تصوف کی اصطلاح میں تخلیہ عن الرذائل اور تجلیہ بالفضائل کہتے ہیں گویا سالک وطن میں رہ کر خصائلِ محمودہ کے حصول سے مشرف ہونے کا سفر کر رہا ہے۔

(۴) خلوت در انجمن

شاہِ نقشبند بخاری سے کسی نے پوچھا کہ آپ کے طریقہ نقشبندیہ کی بنیاد کیا ہے شاہ نقشبند بخاری نے فرمایا خلوت در انجمن کہ ظاہر تو بخلق مشغول ہو اور باطن بحق سبحانہ مستغرق ہو۔حتیٰ کہ دِل کی حقیقت پر ذکر اتنا غلبہ پاتا ہے کہ سالک بازار میں جا کر جتنی آوازیں سنے تو بھی اسے سوائے ذکر الٰہی کے کچھ بھی سنائی نہیں دیتا۔

(۵) یاد کرد

یاد کرد ذکر کرنے کو کہتے ہیں خواہ زبانی ہو یا قلبی،سری ہو یا جہری حتیٰ کہ قلب ہمیشہ حق تعالیٰ کی یاد سے آگاہ ہو جائے اور یقین رکھے کہ میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہوں اور وہ مجھے یاد کرتا ہے جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے ’’فاذکرونی اذکرکم ‘‘تم مجھے یاد کرو تا کہ میں تمہیں یاد کروں۔

جب طالب اس پر مداومت کرے گا تو اس کے قلب میں ستاروں کی مثل ایک نور چمکے گا بعض اوقات حجابات اُٹھتے ہیں اور پردۂ غیب سے عجائب وغرائب مکشوف ہو جاتے ہیں

جب طالب کو یہ نور حاصل ہوتا ہے تو اس وقت مستی بے خودی استغراق طاری ہو جاتا ہے۔ ہر سو سوائے ذاتِ کبریا ہی کے کچھ نظر نہیں آتا ایسے شخص کو صوفیاء کرام فانی در توحید کہتے ہیں۔

(۶) بازگشت

بازگشت اس کو کہتے ہیں کہ جب ذکر کرنے والا اسم ذات اللہ تعالیٰ یا نفی اثبات "لا الٰــہ الا اللہ" نو (۹) یا پندرہ (۱۵) یا اکیس (۲۱) بار کہہ چکے تو اس کے بعد مناجات کرے الٰہی مقصودِ من توئی ورضائے تو معرفت ومحبت خود عطا کن بحرمت پیران کبار۔ الٰہی میرا مقصود تو اور تیری رضا ہے اپنی محبت ومعرفت پیران کبار کے صدقے عطا فرما۔ مقام ولایت اور قرب الٰہی کسی اللہ والے کی جوتیاں سیدھی کرنے کے بغیر حاصل ہونا ناممکن ہے۔

(۷) نگہداشت

نگہداشت خطرات نفس کے دور کرنے اور مٹانے کا نام ہے یا یوں کہیے کہ نگہداشت ایک ایسا طریقہ ہے جو خطرات وساوس اور اوھام سے سالک اپنے دل کو صاف کر کے دوام حضور حاصل کر لیتا ہے شاہ نقشبند بخاریؒ نے فرمایا کہ سالک کو ابتداء ہی سے خیالات کی روک تھام کرنی چاہیے۔ ورنہ نفس ان کی طرف مائل ہو کر راغب ہو گیا تب ان کا ازالہ بہت مشکل ہو جائے گا ایک مرتبہ میرے آقا علیہ السلام نماز پڑھ رہے تھے نماز میں آپ کی نظر مبارک کپڑے کے نقوش پر پڑی آپ نے سلام کے بعد اسے اتار کر دور کر دیا اور فرمایا "شغلتنی عن الصلوٰۃ" کہ مجھے نماز سے مشغول کر دیا۔ حضور علیہ وسلم صلی اللہ کا یہ فعل امت کے لیے تھا۔ ورنہ آپ کی ذات ستودہ صفات ہر خطرہ سے منزہ ہے۔

(۸) یادداشت

یادداشت حق سبحانہ سے دائماً آگاہ رہنے کو کہتے ہیں یا یہ کہ خالص توجہ واجب

الوجود کی طرف ایسی ہو جو تخیلات اور الفاظ سے خالی ہوتا کہ حق سبحانہ سے دوام آگاہی اس ذوق سے حاصل ہو جو اس آیت شریفہ میں ہے "هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ" وہ معبود برحق تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو۔ اہل تحقیق کے نزدیک یہی مشاہدہ حق ہے کیونکہ جب بوجہ حب ذاتی کے دل پر مشہود حق کا غلبہ ہو جاتا ہے تو سوائے حق کچھ نظر نہیں آتا۔

(۹) وقوف زمانی

وقوف زمانی سالک کے ہر وقت اپنے حال سے واقف ہونے کو کہتے ہیں پس اگر حالت بسط ہو تو ذوق وشوق میں شکر کرے اور اگر قبض ہو تو اس بے چینی میں توبہ کرے اور ذکر کرتے وقت ہر ساعت کے بعد اپنے دل میں تامّل کرے کہ غفلت تو نہیں آئی پس اگر ذرا سی غفلت محسوس ہو تو اس کو زائل کرے اور آئندہ اس کے ترک پر عزم مصمم کرے تاکہ دوام حضور حاصل ہو اور وقوف زمانی درحقیقت محاسبۂ نفس کو کہتے ہیں طالب مولیٰ پر لازم ہے کہ روزمرہ اپنے اعمال ذکر وفکر کیفیات قلبی کا محاسبہ کرے۔ سابقہ حالات اور موجودہ کیفیت کا موازنہ کرے کیونکہ عارفین ہر ساعت گزشتہ کا حساب کرتے ہیں اگر طبیعت میں ذرّہ بھر خامی ہوئی تو بازگشت کرتے ہیں۔

(۱۰) وقوف عددی

وقوف عدد کی رعایت کا نام ہے شاہ نقشبند سیّد بخاریؒ نے فرمایا کہ ذکر قلبی میں خواطر متفرقہ رفع کرنے کے لیے عدد کی رعایت سودمند ہے۔ ذکر قلبی میں ذاکر کو چاہیے ایک یا تین یا پانچ یا سات اکیس مرتبہ تک حبس دم کرے۔ اس سے زیادہ حبس دم کی ضرورت نہیں ہاں وقوف اور حضور کو ملحوظ رکھے تاکہ فائدہ ہو۔ اور عدد طاق کا بھی خیال رکھے۔

(۱۱) وقوف قلبی

وقوف قلبی دو معنوں پر بولا جاتا ہے ایک یہ کہ ذاکر کا دل حق سبحانہ سے آگاہ ہو حضرت جامیؒ نقشبندی کے پیر خواجہ عبید اللہ احرارؒ نے فرمایا کہ وقوف قلبی کا مطلب یہ ہے کہ دل کی آگاہی حق تعالیٰ سے ایسی ہو جائے کہ ماسوٰی کی ضرورت نہ رہے یعنی ذکر کے وقت مذکور (اللہ) سے آگاہ ہونا شرط ہے اور اس آگاہی کو وصول اور وجود اور وقوف قلبی کہتے ہیں۔

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ سواگیہ باررویہ میں بیعت ہونے والوں کے لیے ضروری ہدایات

(۱) عقیدہ اہلسنت پر قائم رہنا۔ بدمذہبوں کی صحبت سے اجتناب ایسا کہ نہ ان کے جلسے جلوسوں میں جائے اور نہ ان کے پیچھے نماز پڑھے۔ نہ ان کے مدارس کی امداد کرے اور نہ ان کے مدارس میں اپنے بچوں کو پڑھائے۔

(۲) ہر روز ۵۰۰ مرتبہ درود شریف "اللھم صل علیٰ سیدنا محمد و علیٰ الِ سیدنا محمد وبارک وسلم" اس عقیدہ کے ساتھ پڑھنا کہ حضور پر نور ﷺ حاضر و ناظر ہیں اور میرے درود شریف پڑھنے کی آواز خود سن رہے ہیں فرشتے جس طرح اللہ کی بارگاہ میں ہمارے اعمال پیش کرتے ہیں خدا ان کے لے جانے سے پہلے عالم ہے اسی طرح فرشتوں کے درود سلام پیش کرنے سے پہلے حضور ﷺ خداداد قوت سامعہ سے پہلے سن چکے ہوتے ہیں۔ ملاحظہ ہو فیض الباری شرح بخاری از محدث دیو بند انور شاہ کشمیری۔

(۳) رات کو سوتے وقت دن بھر کے کاموں کا محاسبہ اور غلط کاموں سے توبہ کرنا کم از

کم سو (۱۰۰) مرتبہ استغفر اللہ پڑھنا آخری مرتبہ "اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ تَعَالٰی رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْهِ" پڑھے۔

(۴) مطلع الفجر سے پہلے رات کے آخری حصے میں نماز تہجد پڑھنا سالک اپنے اوپر لازم کرے جس کی کم از کم چار اور زیادہ سے زیادہ ۱۲ رکعت ہیں۔ لمبی سورتیں یاد ہوں تو بہتر ورنہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ الاخلاص ہر رکعت میں پڑھے۔ اس سے پورے ختم شریف قرآن کا ثواب ملے گا۔ اگر کوئی مشکل درپیش ہو تو نماز تہجد کے بعد ہزار مرتبہ یَا رَبُّ پڑھے اوّل آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پیران کبار خصوصاً حضور ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے اللہ کی بارگاہ میں گڑگڑا کر عاجزی سے دعا مانگے انشاءاللہ مشکل حل ہوگی۔

(۵) دل تصور اسم ذات اللہ سے کبھی غافل نہ رہے۔ دست بہ کار دل بسوئے یار ہتھ کار دو دل یار دو۔

بقول سخی سلطان باہو!

اصل فقیری قلب دے اندر یار (اللہ) دا نام ٹکاون ہو

(۶) تصور شیخ: اپنے پیر کی طرف سے تصور کر کے یہ خیال رکھنا کہ میرے پیر کے سینہ سے فیض انوار الٰہی میرے دل پر وارد ہو رہا ہے۔ اور میرے پیر کے سینہ پر ان کے پیر کے سینہ سے اسی طرح آقا محمد ﷺ تک اس فیض کو متصل اور جاری سمجھے۔

(۷) اتباع سنت رسول ﷺ اور پابندئ شریعت اپنے اوپر لازم کرے کوئی کام خلافِ سنت رسول ﷺ اور خلاف شریعت نہ کرے اور بحکم ادخلوا فی السلم کافه اسلام میں پورا پورا داخل ہو جائے۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کی ابتداء وانتہا اتباع سنت رسول ﷺ ہے۔ (نیر مجددی باروی)

لطائف کی تشریح

انسان دس (۱۰) لطائف سے مرکب ہے۔ پانچ لطائف (قلب، روح، سر، خفی اخفیٰ) کا تعلق عالم امر سے ہے خدا تعالیٰ نے یہ لطائف انسان کے سینہ میں رکھ دئے ہیں ان کا اصل مقام عالم بالا ہے اور پانچ لطائف نفس، قالب، جو چار لطائف (مٹی، پانی، آگ، ہوا) پر مشتمل ہے ان کا تعلق عالم خلق سے ہے بالعموم مٹی، پانی، آگ، ہوا کو ایک لطیفہ شمار کیا جاتا ہے جس کو لطیفہ قالب یا سلطان الاذکار کہتے ہیں۔

(۱) لطیفہ قلب

اس کا رنگ زرد زعفرانی ہے بائیں پستان سے دو انگل نیچے پہلو کے قریب ہے اور یہ لطیفہ زیر قدم آدم علیہ السلام ہے۔ سالک کو ۱۲ ہزار مرتبہ اسم ذات اللہ کی ضرب موٹی تسبیح کے ذریعے زبان ہلائے بغیر لگانی چاہیے۔ حتیٰ کہ قلب جاری ہو جائے اور سالک قلب سے اللہ اللہ کی آواز محسوس کرے۔

(۲) لطیفہ روح

اس کا رنگ سرخ اور مقام دائیں پستان کے نیچے ۲ انگل پہلو کے قریب ہے سالک روزانہ اس لطیفہ پر ۲ ہزار مرتبہ بغیر زبان ہلائے اسم ذات اللہ کی ضرب موٹی تسبیح کے ذریعے لگائے۔ یہ لطیفہ زیر قدم نوح وابراہیم علیہما السلام ہے۔ جس کسی کو اس لطیفہ کے ذریعہ سے وصول فیض ہوتا ہے اس کو ابراہیمی المشرب کہتے ہیں۔

لطیفہ سر

اس لطیفہ کے نور کا رنگ سفید ہے اس کا مقام بائیں پستان کے اوپر مائل بہ سینہ ہے اور یہ لطیفہ زیر قدم حضرت موسیٰ علیہ السلام ہے۔ جس کسی کو اس لطیفہ کے ذریعہ سے

وصول فیض ہوتا ہے اسے موسوی المشرب کہتے ہیں سالک کو اس لطیفہ پر توجہ کر کے ۲ ہزار مرتبہ اسم ذات اللہ کی ضرب بغیر زبان ہلائے موٹی تسبیح کے ذریعے لگانی چاہیے۔

لطیفہ خفی

اس لطیفہ کا نور سیاہ اور اس کا مقام دائیں پستان کے اوپر مائل بہ سینہ ہے۔ یہ زیر قدم عیسیٰ علیہ السلام ہے اس لطیفہ کے ذریعہ سے جس کسی کو وصول فیض ہوتا ہے اسے عیسوی المشرب کہتے ہیں۔ سالک کو اس لطیفہ پر توجہ کر کے ۲ ہزار مرتبہ اسم ذات اللہ کی ضرب بغیر زبان ہلائے موٹی تسبیح کے ذریعے لگانی چاہیے۔

لطیفہ اخفی

اس لطیفہ کے نور کا رنگ سبز ہے اور اس کا مقام وسطِ سینہ ہے یہ زیر قدم حضور سیّد العالمین محمد مصطفیٰ ﷺ ہے جس کسی کو اس لطیفہ کے ذریعہ سے وصولِ فیض ہوتا ہے اسے محمدی المشرب کہتے ہیں اس پر ۲ ہزار مرتبہ اسم ذات اللہ کی بغیر زبان ہلائے موٹی تسبیح کے ذریعے ضرب لگائی جاتی ہے۔

لطیفہ نفس

بعد تزکیہ نفس اس کا نور بے رنگ بے کیف نظر آتا ہے۔ اس کا مقام مشائخ نقشبند کے نزدیک وسط پیشانی ہے سالک اس لطیفہ پر توجہ کر کے ۲ ہزار مرتبہ اسم ذات اللہ کی بغیر زبان ہلائے موٹی تسبیح کے ذریعے ضرب لگائے۔

لطیفہ قالب

اسے سلطان الاذکار بھی کہتے ہیں یہ مٹی، پانی، آگ اور ہوا سے مرکب ہے اس کا

مقام تمام بدن انسانی ہے۔ مگر وسطِ سر، تالو پر توجہ کر کے ۲ ہزار مرتبہ اسم ذات کی ضرب بغیر زبان ہلائے موٹی تسبیح کے ذریعے لگائی جاتی ہے۔ اس کے ذریعے جسم کے ہر بال وعروق سے اللہ اللہ سنائی دیتا ہے اور سارا بدن پھڑ کنے لگتا ہے۔

نفی اثبات

بذریعہ تہلیل لسانی: ۵ ہزار مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھے۔ جب ۱۰۰ عدد پورا ہو جائے تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھے۔

بذریعہ حبس دم

ذکر نفی اثبات کرنے سے تمام خطرات و وساوس دور ہو جاتے ہیں صدق واخلاص بدرجۂ کمال پیدا ہو کر مشاہدہ اور مکاشفہ حاصل ہوتا ہے اور نفی اثبات کے ذکر کا طریقہ مرشد کریم باروؒ نے بتایا تھا کہ سانس کو بند کر کے لا کو الٹا ناف سے کھینچ کر تالو تک لے جائے اور اِلٰہ کو لطیفہ روح اور خفی اور الا اللہ کی ضرب تصور سے لطیفہ قلب اور سر پر لگائے جب سانس نکالے تو طاق عدد ۳۔۵۔۷۔۹۔۱۱ کا خیال رکھے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھے اور دعائے بازگشت پڑھے الٰہی مقصود من توئی وضائے تو معرفت ومحبت خود عطا کن بحرمت سیّد الابرار و پیران کبار۔

ملحوظ خاطر رہے

مبتدی لا معبود الا اللہ اور منتہی لا موجود الا اللہ ولا مقصود الا اللہ کے معنی ذہن میں رکھے۔ روزانہ بیک وقت مقررہ ۵ ہزار یا با اوقات متفرقہ جس طرح ہو سکے غنیمت سمجھے وظیفہ کرے۔

مراقبات

وضاحت ماہیت مراقبہ

مراقبہ کے معنی محافظت یعنی نگرانی کرنے کے ہیں۔ اذکار کے بعد افکار یعنی مراقبات شروع ہوتے ہیں۔ سلطان باہوؒ فرماتے ہیں ذکر کنوں کر فکر ہمیشہ اے لفظ تکھا تلواروں ہو۔

ذکر کا مقصود فکر یعنی مراقبہ ہے اور مراقبہ فیوض و برکات کے حصول کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ فیوض و برکات مبداء فیاض ذاتِ باری تعالیٰ سے طالب کے وجود پر منعکس ہوتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: "والذین جاهدو فینا لنهدینهم سبلنا"

جو لوگ ہماری راہ میں چلنے کی کوشش کرتے ہیں ہم ان کے لیے منزل مقصود تک پہنچنے کے لیے راستہ آسان کر دیتے ہیں۔

اس واسطے سالک کو چاہیئے کہ نہایت ہی کوشش اور احتیاط سے محنت کرے خواہ کچھ آثار نمودار ہوں یا نہ ہوں دن بدن شوق کا قدم بڑھاتا چلا جائے کیونکہ جس شخص نے سچے دل سے مشقت کی وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے ضرور بہرہ ور ہوا لیکن کوشش کبھی ترک نہ کرے حضرت بارو کریمؒ مرشد سواگؒ کے حوالے سے فرماتے تھے۔

بھانویں بنڑی یا نہ بنڑی حیلہ کریں سرتائیں تنڑیں

جیند یاں تائیں ڈل نہ پھریں

خدا کے در کا گدا بن جا اور اس کے در سے دوام حضور کی بھیک مانگ دل کو وساوس اور خطرات سے خالی کر کے فیض خداوندی اور رحمت الٰہی کا انتظار کرنا اور اس فیض

کو مورد پر وارد ہونے کا لحاظ کرنا مراقبہ کہلاتا ہے جس لطیفہ پر فیض الٰہی وارد ہوتا ہے اس لطیفہ کو مورد فیض کہتے ہیں۔

(۱) مراقبہ احدیت

نیت دل اور زبان سے اس طرح کرے۔ فیض آتا ہے اس ذات سے جس میں تمام صفات کمالیہ جمع ہیں اور جملہ نقائص سے بالکل پاک ہے۔

فائدہ جلیلہ

حصول نسبت جمعیت اور حضور قلب کے واسطے توبہ کرے اور خطراتِ قلبی کے کم ہونے یا بالکل زائل ہونے کو جمعیت قلب کہتے ہیں اور توجہ قلب فیضان خداوندی کے انتظار کو کہتے ہیں حق تعالیٰ کا خیال دل میں مستحکم ہونے کو حضور کہتے ہیں۔

(۲) مراقبہ لطیفۂ قلب یا مشرب آدموی

سالک اپنے لطیفۂ قلب کو حضور پرنور ﷺ کے مقابل تصور کر کے زبان حال و قال سے جناب الٰہی میں التجاء کرے یا الٰہی تجلیات افعالیہ کا وہ فیض جو تو نے حضور ﷺ کے لطیفۂ قلب مقدس سے حضرت آدم علیہ السلام کے لطیفۂ قلب میں القاء فرمایا ہے بطفیل پیران کبار میرے لطیفہ قلب پر بھی القاء فرما۔

پھر دعائے بازگشت پڑھے اور انتظار فیض میں سر جھکا کر بیٹھے۔

فائدہ جلیلہ

جب طالب اس لطیف کے مراقبہ کو شروع کرنے لگے۔ تو مراقبہ سے پہلے استغفر اللہ ۲۵ مرتبہ سورۃ فاتحہ شریف ایک بار اور سورۃ اخلاص تین بار پڑھ کر اس کا ثواب

پیران کبار رضی اللہ عنہم کے ارواح مقدسہ کو بخشے اس کے بعد دس (۱۰) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔"اللھم صل علیٰ سیدنا و نبینا محمد وعلی آل سیدنا نبینا محمد وعلی جمیع الانبیاء والمرسلین" خصوصاً علی صفیک آدم علیہ السلام اس کے بعد واذقال ربک للملائکۃ سے فلاخوف علیھم ولاھم یحزنون تک تلاوت کرے۔ چونکہ لطیفۂ قلب حضرت آدم علیہ السلام کے زیر قدم ہے اور ذاکر کے لطیفۂ قلب کو حضرت آدم علیہ السلام سے تعلق پڑتا ہے اس مناسبت سے یہ درود شریف اور مذکورہ بالا آیات اس مقصد کے حصول کے لیے پڑھی جائیں۔

اسرار لطیفہ

لطیفہ قلب فلک القمر سے منسوب ہے نور اس لطیفہ کا زرد زعفرانی ہے۔ اس منزل میں واردات شریعت کے اور قدرے عالم سفلی سے مثل نباتات، حیوانات، جمادات اس لطیفہ میں منکشف اور عیاں ہوتے ہیں۔

(۲) مراقبہ لطیفہ روح یا مشرب نوحی وابراہیمی

نیت: اپنے لطیفہ روح کو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ روح کے مقابل تصور کر کے زبان حال وقال سے بارگاہِ الٰہی میں التجا کرے یاالٰہی اپنے تجلیات صفات ثبوتیہ کا فیض جو تو نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ روح سے حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لطیفۂ روح پر القاء فرمایا ہے۔ بطفیل پیرانِ کبار میرے لطیفہ روح پر بھی القاء فرما۔ دعائے بازگشت پڑھ کر انتظارِ فیض میں بیٹھے۔

فائدہ جلیلہ

اس مراقبہ سے پہلے طالب کو چاہیے کہ ۲۵ مرتبہ استغفر اللہ ۳ مرتبہ سورۃ الاخلاص

ایک مرتبہ سورۃ الفاتحہ شریف پڑھ کراس کا ثواب پیرانِ کبارؒ کے ارواح طیبات کو بخشے پھر دس بار یہ درود شریف پڑھے۔

"اللھم صلی علیٰ سیدنا و نبینا محمد وعلی آل سیدنا و نبینا محمد وعلی جمیع الانبیاء والمرسلین" خصوصاً علیٰ نجیک نوح علیہ السلام وخلیلک ابراہیم علیہ السلام پھر درود ابراہیمی پڑھے۔اور چند آیات سورۃ نوح اور سورۃ ابراہیم کی پڑھے۔

اسرار لطیفہ

یہ لطیفہ لطیفہ قلب سے بہت لطیف ہے۔اور منسوب بہ فلک دوم ستارہ عطارد ہے اور دوسری منزل منازل سالک سے ہے جہاں مقام ملکوت مکشوف ہوتا ہے اس منزل میں طریقت کے واردات ظاہر ہوتے ہیں سالک کواس مقام پر فرشتے مختلف طور پر نورانی یا حیوانی صورتوں میں نظر آتے ہیں۔اور سالک کواس مقام پر سیر الی اللہ حاصل رہتی ہے۔سالک اس منزل پر پہنچ کر فرشتہ سیرت ہو جاتا ہے حتیٰ کہ ایک لمحہ خدا تعالیٰ کی یاد سے غافل نہیں ہوتا۔

(۴) مراقبہ لطیفہ سر یا مشرب موسوی

نیت: سالک اپنے لطیفہ سر کو حضور پرُ انور ﷺ کے لطیفہ سر کے مقابل تصور کر کے بزبان خیال وقال جناب الٰہی میں عرض کرے یا الٰہی تجلیات شیون ذاتیہ کا وہ فیض جو تو نے حضور علیہ السلام کے لطیفہ سر سے جناب موسیٰ علیہ السلام کے لطیفہ سر میں القاء فرمایا ہے بطفیل پیران کبار میرے لطیفہ سر میں القاء فرما۔ دعائے بازگشت پڑھ کر انتظار فیض میں سرنگوں ہو جائے۔

فائدہ جلیلہ

اس مراقبہ سے پہلے استغفر اللہ ۲۵ مرتبہ سورۃ الاخلاص ۳ مرتبہ سورۃ الفاتحہ شریف ایک بار پڑھ کر اس کا ثواب پیرانِ کبار رضی اللہ عنہم کی ارواح مبارکہ کو بخش دے اور بعد اس کے یہ درود شریف دس (۱۰) بار پڑھے۔

"اللھم صلی علیٰ سیدنا و نبینا محمد وعلی آل سیدنا و نبینا محمد وعلی جمیع الانبیاء والمرسلین" خصوصاً علیٰ کلیمک موسیٰ علیہ السلام چند آیات سورۃ طٰہٰ کی جن میں ذکر موسیٰ علیہ السلام ہے پڑھ کر دعائے بازگشت سات بار پڑھے۔

اسرار لطیفہ

یہ لطیفہ سر روحی لطیفہ سے بھی بہت لطیف ہے اور منسوب بہ فلک سوئم ستارہ زہرہ ہے اور منزل تیسری سالک کی جبروت ہے اور اس منزل میں واردات حقیقت پیدا ہوتے ہیں اور منزل جبروت میں عالم امثال اور عالم ارواح ہے اس لطیفہ میں سیر فی اللہ حاصل ہوتی ہے اور مکانِ جبرائیل علیہ السلام اور نفس مطمئنہ معلوم ہوتا ہے نور اس لطیفے کا سفید ہے۔

(۵) مراقبہ لطیفہ خفی یا مشرب عیسوی

نیت: سالک اپنے لطیفہ خفی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ روح کے مقابل تصور کر کے زبان خیال وقال سے بارگاہِ الٰہی میں عرض کرے یاالٰہی تجلیات صحیح صفاتِ سلبیہ کا وہ فیض جو آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ خفی سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لطیفہ خفی میں القا فرمایا ہے بطفیل پیران کبار میرے لطیفۂ خفی میں بھی القا فرمادے۔

فائدہ جلیلہ

مراقبہ ھذا سے پہلے استغفر اللہ ۲۵ مرتبہ سورۃ الاخلاص ۳ مرتبہ سورۃ الفاتحہ شریف ایک بار پڑھ کر اس کا ثواب پیرانِ کبارؒ کی ارواح طیبات کو بخش دے اس کے بعد دس بار یہ درود شریف پڑھے۔

"اللھم صلی علیٰ سیدنا و نبینا محمد و علی آل سیدنا و نبینا محمد و علی جمیع الانبیاء و المرسلین" خصوصاً علیٰ روحک عیسیٰ علیہ السلام اور چند آیات سورۃ مریم خصوصاً جن میں میلادِ عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے تلاوت کرے اور دعائے بازگشت بزبان حال وقال سات بار پڑھ کر مراقبہ کرے۔

اسرارِ لطیفہ

لطیفہ سر سے یہ لطیفہ بہت ہی لطیف ہے منسوب بہ فلک پنجم اور ستارہ مریخ ہے اور اس کی منزل لاہوت ہے اس میں واردات احدیث کے ظاہر ہوتے ہیں اور جو تجلیات للّٰہیت اس میں پوشیدہ ہیں اس مقام پر عیاں ہوتے ہیں۔

ضروری نوٹ: اس لطیفہ کو فلک پنجم کے مطابق لکھا گیا ہے حالانکہ اس کو آسمان چہارم کے متعلق لکھنا چاہیے تھا اس کی وجہ یہ ہے کہ بعض صوفیائے کرام کے نزدیک لطیفہ سر کے بعد اور لطیفہ خفی سے پہلے ایک لطیفہ سرّ السرّیٰ ہے جو کہ زیر ناف متعلقہ فلک چہارم ستارہ شمس ہے اور چونکہ ہمارے حضرات کبار کا معمول نہیں ہے اس لیے اسے ترک کر دیا گیا۔ اور لطیفہ خفی کے متعلق فلک پنجم درج کیا گیا ہے۔

(۶) مراقبہ لطیفہ اخفیٰ یا مشرب محمدی

نیت: سالک اپنے لطیف اخفیٰ کو حضور علیہ السلام کے لطیفہ اخفیٰ کے مقابل

تصور کر کے بزبان خیال وقال بارگاہِ الٰہی میں التجا کرے یا الٰہی تجلیات شان جامع کا وہ فیض جو تو نے حضور علیہ السلام کے لطیفہ اخفیٰ میں القاٗ فرمایا ہے بطفیل پیران کبار میرے لطیفہ اخفیٰ میں القاٗ فرما۔ بعض صوفیوں نے دو اور مراقبات کا ذکر فرمایا ہے مگر متقدمین صوفیائے نقشبند کی کتب میں ان کا کہیں ذکر نہیں۔ بعض صوفیاۓ کرام آگے مراقبہ احدیت لائے ہیں حالانکہ یہ پہلا مراقبہ ہے۔

فائدہ جلیلہ

سالک کو چاہیے کہ مراقبہ ھذا سے پہلے استغفر اللہ ۲۵ مرتبہ سورۃ فاتحہ ایک بار سورۃ اخلاص تین بار پڑھ کر اس کا ثواب پیرانِ کبارؒ کے ارواح طیبات کو بخشے اس کے بعد یہ درود شریف دس (۱۰) بار پڑھے۔

"اللھم صلی علیٰ سیدنا و نبینا محمد وعلی آل سیدنا و نبینا محمد وعلی جمیع الانبیاء والمرسلین" خصوصاً علیٰ حبیبک محمد علیہ الصلاۃ والسلام اور چند آیات سورۃ محمد یا سورۃ مزمل کی پڑھ کر سات بار دعائے بازگشت بزبان خیال وقال پڑھے اور بعدہ مراقبہ کرے۔

اسرار لطیفہ

یہ مبارک لطیفہ تمام لطائف سے احسن واجمل ہے اور لطائف عالم امر سے ہے اور درگاہ پروردگار عالم سے بہت ہی قریب ہے اور منسوب بہ فلک ششم ستارہ مشتری ہے سالک ھاھوت میں معشوق اور لاھوت میں عاشق جبروت میں عارف ملکوت میں واصف اور ناسوت میں واقف ہوتا ہے اس مقام پر کلمہ طیبہ کی حقیقت منکشف ہوتی ہے نور اس لطیفے کا سبز ہے اور ولایت اس لطیفے کی حضور علیہ السلام کے زیر قدم ہے۔ سالک جب

اس مقام پر پہنچتا ہے تو قل الروح من امر ربی اس پر عیاں ہوتا ہے۔ اس لطیفہ میں سیر مع اللہ حاصل ہوتی ہے۔ جب سالک اس مقام پر پہنچتا ہے تو نفس کاملہ کا معائنہ ہوتا ہے۔

(۷) مراقبہ معیت کبریٰ

نیت: سالک اس مراقبہ میں آیت کریمہ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ کا تصور کر کے خلوص دل کے ساتھ بزبان خیال وقال یہ کہے۔ فیض آتا ہے اس ذات سے جو میرے ساتھ اور کائنات کے ہر ذرّہ کے ساتھ ہے جس کی صحیح کیفیت اللہ تعالیٰ جانتا ہے میرے لطیفۂ قلب پر فیض آرہا ہے فیض کا منشأ و مبدأ ولایت صغریٰ کا ہے۔

فائدہ جلیلہ

اس مقام پر مورد فیض فقط لطیفۂ قلب ہے۔ تہلیل لسانی سے ۵ ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ زبان سے آہستہ پڑھے اور کلمہ شریف کے معانی لا معبود الا اللہ لا موجود الا اللہ لا مقصود الا اللہ کا بھی لحاظ رکھے جبکہ سالک کی توجہ قلب کی جانب اور قلب کی توجہ حق تعالیٰ کی جانب ہو۔ اسی ولایت صغریٰ کے سے کمال سیر النفس کہ محل توحید اور اسرار معیت ہے۔

ف: ولایت صغریٰ کہ مرتبہ ظلال اسمأ صفات اور ولایت اولیأ یہاں تک ختم ہوتی ہے اس کے بعد نیات مراقبات ولایت کبریٰ انبیاء علیہم السلام لکھے جاتے ہیں۔

مراقبات ولایت کبریٰ

یہ مقام تین دائروں اور ایک قوس پر مشتمل ہے۔

(۱) نیت دائرہ اقربیت اولیٰ

سالک اس مراقبہ میں آیت کریمہ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْد کے مضمون کو دل میں ملحوظ رکھ کر از روئے یقین سمجھے کہ اس ذات پاک سے فیض آتا ہے جو

میری رگِ جان (شہ رگ) سے بھی مجھ سے زیادہ قریب ہے اور اس کی حقیقت رب تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ میرے لطیفہ نفس اور عالم امر کے پانچوں وظائف پر فیض آ رہا ہے۔ فیض کا منشأ و مبدأ ولایت کبریٰ کا دائرۂ اولیٰ ہے جو ولایت انبیأ اور ولایت صغریٰ کی اصل ہے۔

فائدہ جلیلہ

ذکر تہلیل لسانی یعنی کلمہ طیبہ پانچ (۵) ہزار مرتبہ آہستہ طور پر زبان سے روزانہ بلحاظ معنی پڑھے حضور عروج، نزول جذبات مانند لطیفہ قلب کے اس مقام میں بھی سالک کے شامل حال ہوتے ہیں۔ بلکہ جذبات تدریجاً تمام بدن میں پیدا ہوتے ہیں بعدۂ حصول قوت نسبت لطیفہ نفس اور کیفیات اذواق لطیفہ قلب فراموش ہو جاتے ہیں جب فیوض اس مقام کے لطیفۂ نفسیات میں سالک پر وارد ہوتے ہیں تو سالک اپنا وجود ہستی مثل نمک گداختہ کے مضمحل پاتا ہے۔

(۲) مراقبہ دائرۂ ثانیہ ولایت کبرٰے

سالک اس مراقبہ میں آیت کریمہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ کے مضمون کو دل میں ملحوظ رکھ کے دل میں خیال کرے فیض آتا ہے اس ذات سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں منشائے فیض دائرہ ثانیہ ولایت کبرٰے کا ہے جو ولایت انبیاء علیہم السلام کی اور اصل دائرہ ثانیہ کی ہے۔ موردِ فیض میرا لطیفہ نفس ہے۔

(۳) مراقبہ دائرۂ ثالثہ ولایت کبریٰ

سالک آیت کریمہ یحبھم ویحبونہ کے مضمون کو ملحوظ رکھ کر بزبان خیال کہے فیض آتا ہے اس ذات سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اس کو درست رکھتا ہوں منشائے

فیض دائرۂ ثالثہ ولایت کبریٰ جو کہ انبیاء علیہم السلام کی ولایت اور دائرہ ثانیہ کی اصل ہے

مورد فیض میر الطیفہ نفس ہے۔

(۴) مراقبہ قوس

سالک آیت کریمہ یحبھم ویحبونہ کا مضمون دل میں ملحوظ رکھ کر خیال کرے

کہ فیض آتا ہے اس ذات سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں

منشائے فیض قوس ولایت کبریٰ ہے جو کہ دائرہ ثالثہ کی اصل ہے مورِدِ فیض میر الطیفہ نفس ہے۔

(۵) مراقبہ اسم الظاہر

فیض آتا ہے اس ذات سے جو اسم الظاہر سے مسمّٰی ہے مورِدِ فیض میر الطیفہ نفس

اور لطائف خمسہ عالم امر ہیں۔

دائرہ سیف قاطع

دائرہ سیف قاطع اگرچہ داخل سلوک نہیں مگر بعض سالکین کو ولایت کبریٰ کی تکمیل

کے بعد اس سے گزرنا ہوتا ہے۔ واضح ہو کہ یہاں تک ولایت کبریٰ اور سیر اسم الظاہر ہے

اس کے بعد سیر و سلوک ولایت عُلیا ہے کہ ولایتِ ملائکہ ہے۔

مراقبات ولایت علیا

(۱) مراقبہ اسم الباطن

فیض آتا ہے اس ذات سے جو کہ اسم الباطن سے مسمّٰی ہے منشائے فیض دائرہ ولایت علیا ہے جو کہ ولایت ملائکہ ملاء اعلیٰ کی ہے مورد فیض میرے عناصر سوائے خاک کے یعنی ہوا آگ اور پانی ہیں۔

فائدہ جلیلہ

اس مراقبہ سے پہلے بار یہ درود شریف پڑھے

"اللھم صل علٰی سیدنا و نبینا محمد وعلٰی سیدنا و نبینا محمد وعلی جمیع الانبیاء والمرسلین خصوصاًعلٰی کل ملائکۃ المقربین اورآیت ھو الذی یریکم البرق سے دعوت الحق تک پڑھے۔

ذکر تہلیل لسانی نماز نوافل بہ طول قیام و قرأت ورکوع وسجود اور عمل صالح بہ اخذ عزیمت وترک رخصت قلت طعام وقلت منام قات کلام قلت اختلاط بالا نام اس مقام میں ترقی کا موجب ہیں توجہ وحضور اور عروج عناصر ثلاثہ کو حاصل ہوتا ہے۔ ملأ اعلیٰ سے مناسبت ظاہر ہونا علٰے الخصوص اربابِ کشف تو رویت ملائکہ سے شرف پاتے ہیں اسرار قابل اخفأ اور استتار ہیں جو سالک کے ادراک میں حاصل ہوتے ہیں بیان میں نہیں آسکتے۔

(۲) مراقبہ دائرۂ کمالات نبوت

نیت: فیض آتا ہے ذات بحت سے جو منشأ کمالات نبوت کا ہے موردِ فیض لطیفہ عنصر خاک ہے۔

فائدہ جلیلہ

اس مراقبہ سے پہلے درود شریف مذکورہ اسم الباطن والا چند بار پڑھے اور پھر سورۃ یٰسٓ سورۃ محمد و مزمّل سب سے چند آیات تلاوت کرے دعائے بازگشت سات بار بہ زبان پڑھے۔

(۳) مراقبہ کمالات رسالت

نیت: فیض آتا ذات بحت سے جو منشأ کمالاتِ رسالت ہے موردِ فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ عظیمہ

ہیئت وحدانی مجموعہ عالم امر و خلق سے عبارت ہے کہ لطائف عشرہ انسانی کے تصفیہ اور تزکیہ کے بعد ہیئت وحدانی پیدا ہوتی ہے سالک میں نئی کیفیت پیدا کرتی ہے۔

فائدہ جلیلہ

اس مراقبہ سے پہلے ۱۱ مرتبہ درود شریف افضل پڑھے سورۃ یٰسٓ محمد اور مزمل میں سے چند آیات تلاوت کرے۔ سات بار دعائے بازگشت پڑھے۔

(۴) مراقبہ کمالات اولوالعزم

نیت: فیض آتا ہے ذات بحت سے جو منشاء کمالات اولوالعزم ہے مورد فیض میری ہیئت واحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

جب سالک اس مراقبہ کو شروع کرنے لگے تو اس سے پہلے درود شریف قوس والا ۱۱ بار اور سورۃ قصص کی چند آیات پڑھے اس کے بعد دعائے بازگشت سات بار پڑھے پھر مراقبہ کرے۔

مراقبہ دائرۂ منصب قیومیت

یہ مراقبہ اگرچہ داخل سلوک نہیں مگر خواص اس سے ضرور مشرف ہوتے ہیں۔ تحدیث نعمت کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ اس مراقبہ کی نعمت سے مرشد بارد کریمؒ نے اس فقیر پر تقصیر کو مشرف فرمایا تھا۔

فائدہ عظیمہ

واضح ہو کہ مقام کمالات اولوالعزم پر سلوک کے دو راستے بنتے ہیں ایک راستہ بطرف حقائق الٰہیہ یعنی حقیقت کعبہ ربانی حقیقت قرآن مجید حقیقت الصلوٰۃ۔

اور دوسرا راستہ بجانب حقائق انبیاء علیہم السلام یعنی حقیقت ابراھیمی، حقیقت موسوی، حقیقت محمدی، حقیقت احمدی علیٰ صاحبها الصلاة والسلام ہیں۔ مشائخ طریقت خصوصاً پیران موسیٰ زئی شریف سواگ شریف اور بارو شریف کا معمول یہ ہے کہ اول طالبان طریقت کی تربیت حقائق الٰہیہ سے کرتے ہیں۔

(۵/۱) مراقبہ حقیقت کعبہ ربانی

نیت: فیض آتا ہے اس ذاتِ بحت سے کہ مسجود الیہ جمیع ممکنات کا ہے اور منشأ حقیقت کعبہ ربانی ہے اور مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

مراقبہ سے پہلے یہ درود شریف ۱۱ بار پڑھے۔

"اللھم صلی علیٰ سیدنا و نبینا محمد وعلی آل سیدنا و نبینا محمد وعلی سیدنا و نبینا محمد صلوٰۃ دائمۃ مقبولۃ تؤدی بھا عنا حقہ

العظیم'' اورآیت کریمہ ''لِلّٰہِ المشرق والمغرب فاینما تُوَلُّوا فَثَمَّ وجه الله ان الله واسع علیم ''چند بار تلاوت کرے دعائے بازگشت ۷ بار پڑھ کر مراقبہ کرے امام ربانیؒ فرماتے ہیں بعض کاملین کو اس مقام پر انبیاء علیہم السلام کے طفیل وتوسل سے سالک سے وہی معاملہ کیا جاتا ہے جو حضرات انبیاء علیہم السلام سے کیا جاتا ہے۔ (گلزار معرفت ۱۸۶)

(۶/۲) مراقبہ حقیقت قرآن مجید

فیض آتا ہے اس بے مثل و بے چون ذات سے کہ منشائے حقیقت قرآن مجید ہے۔ مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

سالک کو چاہیے کہ یہ درود شریف ۱۱ بار پڑھے۔

''اللھم صلی علٰی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ بعدد مافی جمیع القرآن حرفاً حرفاً و بعدد کل حرفٍ الفًا الفًا'' اور چند بار آیت کریمہ ''قدجآء کم من الله نور وکتاب مبین ''تلاوت کرے اور بزبان خیال ۷ بار دعائے بازگشت پڑھ کر مراقبہ کرے۔

فائدہ عظیمہ

کلام اللہ کے باطنی رموز اس مقام پر ظاہر ہوتے ہیں حروف قرآنی میں سے ہر حرف ایک دریائے بے کنار نظر آتا ہے جو موصل کعبۂ مقصود ہے۔ تلاوت قرآن کے وقت تمام قالب (جسم) زبان کی مثل ہو جاتا ہے اور زبان مثل شجرۂ مبارکہ سینا کے ہو جاتی ہے علامت انکشاف انوار قرآن مجید کی یہ ہے۔ کہ سالک کے باطن میں بموجب ارشاد ربانی قَوْلًا ثَقِیْلًا کے ثقل سا محسوس ہوتا ہے۔

(۷/۳) مراقبہ حقیقت صلوٰۃ (نماز)

نیت: فیض آتا ہے اس کمال وسعت والی بے مثل و بے چوں ذات سے جو حقیقت صلوٰۃ کا منشاء ہے مورد فیض میرے ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

پہلے ۱۱ بار درود ابراہیمی پڑھے پھر چند آیات سورہ ابراہیم کی اور یہ آیت کریمہ چند بار تلاوت کرے واقیموا الصلوٰۃ واتوا الزکوٰۃ وارکعوا مع الراکعین اس کے بعد سات بار دعائے بازگشت بزبان خیال پڑھ کر مراقبہ کرے۔

فائدہ عظیمہ

جب سالک اس حقیقت مقدسہ سے بہرہ مند ہوتا ہے تو اس وقت دار فانی سے دار باقی میں داخل ہو جاتا ہے۔ سالک کو قربِ خاص حاصل ہوتا ہے ارشاد مصطفیٰ ﷺ نماز معراجِ مومنین ہے اور بندہ نماز میں اپنے رب کے بہت ہی قریب ہو جاتا ہے۔ کا جلوہ ظاہر ہوتا ہے۔ اگر نماز کا حکم نہ ہوتا تو چہرۂ مقصود بے نقاب کون کرتا۔ طالب کو واصل بہ مطلوب کون کرتا۔

(۸/۴) مراقبہ معبودیت صرفہ

نیت: فیض آتا ہے اُس پاک ذات سے جو منشائے معبودیت صرفہ ہے مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

مراقبہ سے پہلے ۱۱ بار درود شریف مراقبہ حقیقت کعبہ ربانی اور ۳ بار سورۃ حشر کی

آخری آیات پڑھے اس کے بعد سات (۷) بار دعائے بازگشت زبانِ خیال سے پڑھ کر مراقبہ کرے۔

نوٹ ضروری:

کمالات اولوالعزم کے دو راستے ہیں ایک راستہ حقائق الٰہیہ کی طرف ہے جیسا کہ تحریر کیا گیا۔ دوسرا راستہ حقائق انبیاء علیہم السلام کی طرف ہے۔ اور حقائق انبیاء علیہم السلام کی راہ میں ترقی کا انحصار سید الانبیا ﷺ کی محبت پر ہے حق تعالیٰ جیسا کہ اپنی ذات کو دوست رکھتا ہے اسی طرح اپنی صفات کو بھی دوست رکھتا ہے ذات صفات کو دوست رکھنا دو اعتبار سے ہے (۱) ایک محبوب ہونا (۲) دوسرا محب ہونا۔ ظہور کمالات محبوب ہونے کے ذات اقدس حضور ﷺ میں جلوہ گر ہیں اور ظہور کمالات محب ہونے کے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ذات میں روشن ہیں اور ظہور کمالات اسمائے صفاتی محبوبیت کے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ذات میں پرتو فگن ہیں پس اولاً سالک کی سیر کمالات صفاتی حقیقت ابراہیمی مقام خلت میں ہوتی ہے۔

(۵/۹) مراقبہ حقیقت ابراہیمی

نیت: فیض آتا ہے اس ذات سے جو منشائے حقیقت ابراہیمی ہے موردِ فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

سالک کو چاہیے کہ ۱۱ بار درود شریف ابراہیمی اور چند آیات سورۃ ابراہیم کی پڑھے اور سات دفعہ دعائے بازگشت بزبان خیال پڑھ کے مراقبہ کرے۔

فائدہ عظیمہ

جاننا چاہیے کہ یہ مقام بہت منور اور کثیر البرکات ہے انبیاء کرام علیہم السلام اس مقام میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تابع ہیں حضور علیہ السلام کو واتبع ملة ابراھیم حنیفا کے ارشاد سے نوازا گیا۔ اس تشبیہ اور امر سے خیر و برکت اس درود شریف کو اس مقام میں کثرت سے پڑھنا ترقی مقام ھذا ہے تین ہزار سے کم نہ ہو زیادہ ہو تو بہتر ہے۔

(۱۰/۶) مراقبہ حقیقت موسوی

فیض آتا ہے اس ذات سے جس کا منشأ حقیقت موسوی ہے اور مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

یہ درو شریف ۱۱ بار پڑھے۔

''اللھم صل علیٰ سیدنا محمد و علی اله و علی جمیع الانبیاء والمرسلین'' خصوصاً علیٰ کلیمک موسیٰ اور سورۃ طٰہٰ کی وہ آیات جن میں ذکر موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام ہے تلاوت کرے پھر سات مرتبہ دعائے بازگشت بزبان خیال پڑھ کر مراقبہ کرے۔

فائدہ عظیمہ

کیفیت عجیبہ با کمال قوت یہاں ظہور کرتی ہے اور محبت ذات کی خالص اپنی ذات کو ظاہر کرتی ہے باوجود محبت ذات شان استغناء و بے نیازی بھی آشکارا ہوتی ہے چونکہ حقیقت موسیٰ محبت صرفہ ہے۔ اس واسطے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بغلبۂ عشق و کمال شوق دیدار میں غالب ہو کر عرض کی۔ رب ارنی انظر الیک : اے رب مجھے اپنا ذاتی دیدار کرا کہ میں

تیری ذات کو دیکھ سکوں لہٰذا اس مقام پر سالک پر ایسی محبت کا ورود ہوتا ہے۔ اور اس مقام سے مافوق درجہ حقیقت الحقائق ہے جو حقیقت محمدیہ علی صاحبھا السلام سے عبارت ہے۔

(۷/۱۱) مراقبہ حقیقت محمدی

نیت: فیض آتا ہے اس ذات پاک سے جو منشائے حقیقت محمدی ہے مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

مراقبہ سے پہلے درود شریف افضل صلوٰۃ تک معروماتک ۱۱ بار اور چند آیات سورۃ والنجم کی تلاوت کرے۔ پھر سات بار دعائے بازگشت بزبانِ خیال پڑھ کر مراقبہ کرے۔

ف: اس مقام میں فنا اور بقاٗ بطرزِ خاص ظاہر ہوتے ہیں معانی رفع توسط کہ اکابر اولیأ اس کے قائل ہیں یہاں معلوم ہوتے ہیں مشابہت تابع کی متبوع کے ساتھ یوں ہو جاتی ہے گویا تبعیت کی مصدریت کافور ہوگئی حضور علیہ السلام سے محبت خاص پیدا ہوتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع جمیع امور دینی و دنیوی بلکہ جمیع حرکات وسکنات میں سالک کو مرغوب ہونا اس مقام کے خصائص سے ہے۔

(۸/۱۲) مراقبہ حقیقت احمدی

نیت: فیض آتا ہے اس ذات پاک سے جو منشائے حقیقت احمدی ہے۔ مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

درود شریف افضل ۱۱ بار اور چند آیات سورۃ والنجم کی پڑھ کر سات بار بزبان خیال

دعائے بازگشت پڑھے اور مراقبہ میں سر جھکائے۔

ف: اس مقام عالیہ میں بلندئ نسبت بکثرت ورد انوار بکمال ظاہر ہوتی ہے وہ اسرار و خصوصیات و معاملات پیش آتے ہیں۔ جو واجب الاستتار ہیں۔ جن کا ظاہر کرنا مناسب نہیں ایسے کمالات عجیبہ اور حالات عظیمہ وارد ہوتے ہیں کہ حد بیان سے عیاں نہیں ہو سکتے۔

سرّ عظیم

سوانح حیات گل حسن خلیفۂ اعظم (میرے مرشد بارو کریم انہیں خلیفۂ اعظم فرماتے تھے اپنے بارے بہت کسر نفسی فرماتے تھے۔ حالانکہ فقیر کے نزدیک میرے مرشد ہی خلیفۂ اعظم) پیر سواگؒ تھے معروف بہ گلزار معرفت ص ۱۹۰ میں مولانا فیض احمد گجوی فاضل دارالعلوم دیوبند لکھتے ہیں۔

حضور علیہ السلام کے دو اسم گرامی احمد و محمد ذاتی ہیں۔

ہر ایک اسم کی ولایت علیحدہ ہے بہ اعتبار وجود عنصری کے عالم سفلی میں آپ کا اسم گرامی محمد علیہ السلام ہے اور ولایت اس اسم مبارک کی اُس اسم الٰہی سے ناشی ہے۔ جس کو اس عالم سفلی کی تربیت سے مناسبت ہے اسمیٰ بہ حقیقتِ محمدی ہے اور بہ اعتبار وجود روحانی مربی عالم ملکوت اور عالم ارواح ہے آپ کا اسم گرامی احمد ہے۔ وجود عنصری میں جلوہ گر ہونے سے پہلے آپ اس وجود مسعود سے نبی تھے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کنت نبیا و آدم بین المآء والطین (بین الروح والجسد نیر مجددی) آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میں اس وقت نبی تھا جب آدم علیہ السلام پانی اور مٹی میں تھے اور اس نام کی ولایت اس اسم الٰہی سے ناشی ہے جو عالم نورانی کی تربیت سے مناسبت رکھتا ہے۔ اور وہ اسم حقیقت احمدی کی اصل و مبدأ ہے۔

۱۳/۹: مراقبہ حب صرف یا صرفہ

نیت: فیض آتا ہے اس ذات سے جو منشائے حب صرف ہے مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

اس مراقبہ سے پہلے ۱۱ بار درود شریف افضل اور یہ آیت شریفہ ومن الناس من یتخذمن دون اللہ انداداً یحبونھم کحب اللہ والذین امنو اشد حباللہ آخر تک ۱۵ بار تلاوت کرے سات مرتبہ بعد بزبان خیال دعائے بازگشت پڑھ کر مراقبہ میں سر جھکائے۔

ف: بے رنگی نسبت بہ سبب قرب مرتبہ حضرت ذات مطلق اس مقام پر لازم ہے یہ مقام مخصوص بہ سید عالم علیہ السلام ہے۔ اور دوسرے انبیاً علیہم السلام کے حقائق میں نہیں ہے یہی مرتبہ عالی حقیقت احمدی ہے اس سے قبل جو مرتبہ لکھا گیا ہے۔ وہ فی الحقیقت اس کا ظل ہے۔

۱۴/۱۰:۔ مرقبہ دائرہ لاتعین

نیت: فیض آتا ہے اس ذات سے کہ منشأ دائرہ لاتعین ہے موردِ فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

فائدہ جلیلہ

"سبحان اللہ والحمدللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر" ۱۱ بار پڑھ کر سات (۷) بار دعائے بازگشت بزبان خیال پڑھ کر مراقبہ کرے۔ بعض مشائخ و پیران کبار دائرہ سیف قاطع، دائرہ حقیقت صوم اور دائرہ قیومیت کے مراقبات لاتعین کے بعد کراتے ہیں مگر جمہور مشائخ نقشبندیہ کے نزدیک لاتعین لاتعین ولامحدود ہے اس

کے بعد کوئی مراقبہ نہیں ہے فقیر نیّرؔ نے ان مراقبات کا ذکر درمیان میں کر دیا ہے۔ مگر یہ تینوں مراقبات سلوک نقشبندیہ کا جز و نہیں۔ مرشد کریم بارو لجپال اس فقیر پر خصوصی شفقت فرماتے تھے۔ اس لئے یہ تینوں مراقبات بھی فقیر سے کرائے اور خصوصی کرم فرماتے ہوئے دو مرتبہ اپنے سر اقدس سے دستار فقیر کے سر پر رکھی اور ارشاد فرمایا مرشد سواگؒ نے جن سلاسل کی اجازت بخشی تھی میں نے اپنی مراد نیّرؔ کو عطا فرما دی۔ مرشد سواگ نے جو کچھ میرے سینے میں ودیعت فرمایا تھا باروؒ نے نیر (سگ در) کے سینے میں ڈال دیا۔ باقی سب میرے مرید ہیں فاروق اعظم جس طرح رسول ﷺ کی مراد تھے۔ نیّرؔ میری خدا سے مانگی مراد ہے۔

ع میں اس کرم کے کہاں تھا قابل

یہ ان کی بندہ پروری ہے

یہ الفاظ ارشاد خداوندی وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّکَ فَحَدِّثْ کی تعمیل کرتے ہوئے لکھے ہیں ورنہ فقیر اس قابل کہاں۔ باروؒ لجپال کی نگاہ عنایت سے حضور غزالی زمان سیّد احمد سعید کاظمی قدس سرہ العزیز نے خصوصی کرم فرمایا اور تمام سلاسل کی اجازت عطا فرمائی۔

سجادہ نشین خانقاہ قادریہ رضویہ بریلی شریف

قبلہ و کعبہ حضور سبحان رضا قادری نے بریلی شریف سے سند الاجازۃ بذریعہ علامہ مولانا حسن علی رضوی آف میلسی عطا فرمائی۔ دیگر مشائخ سید محمد انور شاہ گیلانی، مخدوم شمس الدین گیلانی اور سیدنا طاہر علاؤ الدین گیلانی نے زبانی طور پر طریقہ عالیہ قادریہ غوثیہ میں بیعت لینے کا حکم فرمایا۔

خدا ان بزرگان عالی مقام کے صدقے فقیر کا خاتمہ بالخیر فرمائے والد محترم پیر

اللہ یار چشتی کے مرشد سید حیدر شاہ گیلانی کے نبیرہ سید حافظ حسن علی شاہ گیلانی نے بچپن میں
فقیر کے سر پر ہاتھ رکھا تبرکاً بیعت بھی فرمایا اور ارشاد فرمایا اس کو جمیع سلاسل کی اجازت ہی
اجازت ہے۔ یہ پودا سادات گیلانی آف جبی شریف ضلع خوشاب کا لگایا ہوا ہے قیامت
تک سرسبز و شاداب رہے گا انشاً اللہ مخالفت کرنے والا انشاً اللہ نیست و نابود ہو جائیگا۔
فقیر کے دونوں صاحبزادے سلوک کی تمام منازل طے کرنے کے بعد اجازت و خلافت
سے سرفراز ہو چکے ہیں ان کا مرید کبھی نامراد نہیں رہے گا انشاً اللہ کیونکہ شہنشاہ نقشبند
بخاری نے فرمایا ہے ہمارے سلسلہ عالیہ میں محرومی نہیں ہے۔ازلی بد بخت ہمارے سلسلہ
میں بیعت ہوتا ہی نہیں جو بیعت ہوتا ہے محروم رہتا نہیں خدا ہاتھ پکڑنے کی ضرور لاج
رکھے گا انشاً اللہ۔ اصحاب کہف کے دروازے پر آنے والا کتا محروم نہیں رہا۔تو انسان
کیسے محروم رہ سکتا ہے۔ نیر مجددی چشتی

ختم ھائے خواجگان

ختم اول بعداز نماز فجر برائے ایصال ثواب خواجگان نقشبند تعوذ وتسمیہ کے بعد
سورۃ فاتحہ شریف ۷ بار بعدہٗ درود شریف ۱۰۰ بار بعدہٗ سورۃ الم نشرح ۷۹ بار (گلزار معرفت،
ص ۱۹۱) بعدہ سورۃ فاتحہ ۷ بار یا قاضی الحاجات ۱۰۰ بار یا کافی المھمات ۱۰۰ بار یا دافع
البلیات ۱۰۰ بار یا شافی الامراض ۱۰۰ بار یا رفیع الدرجات ۱۰۰ بار یا حل المشکلات ۱۰۰ بار یا
کاشف الکربات ۱۰۰ بار یا مسبب الاسباب ۱۰۰ بار یا مجیب الدعوات ۱۰۰ بار یا ارحم الراحمین ۱۰۰
بار پڑھ کر اس کا ثواب جمیع حضرات خواجگان نقشبند کو بخشے عصر کے بعد بھی یہ ختم پڑھے۔

ختم خواجہ غلام حسن سواگؒ

اول آخر ۱۰۰ بار درود شریف: ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ۵۰۰ مرتبہ۔ دعا خیر
ختم شریف برائے ایصال ثواب خواجہ غلام محمد سوگؒ

اول آخر ۱۰۰بار درود شریف رب اغفر و ارحم وانت خیر الراحمین ۵۰۰مرتبہ دعائے خیر

ختم شریف برائے ایصال ثواب مرشد بارو کریمؒ

اول آخر ۱۰۰بار درود شریف سبحانک اللھم وبحمدک لا الہ الا انت استغفرک و اتوب الیک ۵۰۰مرتبہ بعدہٗ دعائے خیر۔

ختم شریف برائے ایصال ثواب خواجہ محمد سراج الدین داماںیؒ۔

اول آخر ۱۰۰بار درود شریف اللھم انا نجعلک فی نحورھم و نعوذبک من شرورھم ۵۰۰مرتبہ بعدہٗ دعائے خیر۔

ختم شریف برائے ایصال ثواب غوث اعظم جیلانیؒ بعد از نماز ظہر۔

اول آخر ۱۰۰بار درود شریف حسبنا اللہ ونعم الوکیل ۵۰۰بار غوث اعظم کے وسیلہ سے دعا مانگے۔

تعویزات وعملیات

برائے دفع دردسر یَا بَاسِطُ مریض کی پیشانی پر لکھیں انشاءاللہ درد دفع ہوگا۔

برائے تپ لرزہ: بسم اللہ الرحمن الرحیم براٰۃ من اللہ العزیز الحکیم الی ام ملدم التی تاکل اللحم و تشرب الدم و تھشم العظم اما بعدیا ام ملدم ان کنت مؤمنۃ فبحق محمد ﷺ و ان کنت یھودیۃ فبحق موسیٰ علیہ السلام و ان کنت نصرانیۃ فبحق المسیح عیسٰی ابن مریم علیھا السلام ان لا اکلت فلاں (مریض کا نام بن اس کی ماں کا نام) فلانۃ کما و لا شَرِبَت لہ دما ولا ھمشتِ لہ عظما وتحولی عنداللی من اتخذمع اللہ الھا اخر لا الہ الا

هو العزيز الحکیم. والا فانت بریئة من اللہ تعالےٰ واللہ تعالیٰ بریٔ منک حسبنا اللہ ونعم الوکیل ولا حول ولاقوۃ الاباللہ العلی العظیم وصلے اللہ علی سیدنا محمد وآلہٖ واصحابہ وسلم

طریقہ استعمال

یہ تعویز پانی میں دھوکر پلائیں۔

ایضاً: یٰنَارُ کُونِیۡ بَرۡدًا وَّسَلَاماً عَلٰی اِبۡرَاهِیۡم دوتعویز لکھیں ایک پئیں ایک گلے میں باندھیں۔تپ لرزہ انشاءاللہ دفع ہوگا۔

برائے دفع نظر بد

بسم اللہ الرحمن الرحیم وما انفقتم من نفقة او نذرتم من نذر فان اللہ یعلمه. وما للظالمین من انصار بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اعوذ برب الفلق من شر ماخلق و من شر غاسق اذا وقب ومن شر النفثت فی العقدومن شر حاسد اذا حسد بسم اللہ الرحمن الرحیم. قل اعوذ برب الناس. ملک الناس. اله الناس. من شرالوسواس الخناس. الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنة والناس. بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الذی لایضرمع اسمه شی فی الارض ولافی السمآء وهو السمیع العلیم

ساتھ ہی تعویز مولاعلی لکھ کر گلے میں باندھیں

دم برائے دفع نظر بد

الاسلام حق والکفر باطل ہلدی کی چند گٹھیوں پر تین تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر پھونک ماریں۔ ہلدی کی گٹھیوں کو آگ میں ڈال کر مریض کو دھواں دیں نظر بد کا اثر ختم ہوگا۔ انشاء اللہ

برائے دفع آسیب وجن

اگر گھر میں خون کے چھینٹے، سنگباری گندگی کپڑوں وغیرہ کا کٹ جانا پایا جائے تو ہر مکان کے چاروں کونوں میں اولاً فجر کے آذان پھر اقامت اسی ترتیب سے چار اذانیں اور تین اقامتیں پڑھے اور گھر کے صحن میں سورۃ یٰسٓ بآواز بلند پڑھیں۔ اور یہ عمل روزانہ ۴۱ دن کریں نیز تمام اہل خانہ صلوٰۃ وسلام اور تلاوت قرآن پاک پابندی سے کریں۔ اور استغفر اللہ بکثرت پڑھیں۔

دوسرا عمل دافع جنات

ہر مکان کے لیے چار کیل اور ہر کیل پر انھم یکیدون کیداوَ اکید کیدا فمھل الکافرین امھلھم رویدا ۲۵ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور نظر بد والا تعویذ کیل کے ساتھ مکان کے کونے میں ٹھونکیں۔

تعویذ ودم برائے دفع مرض گل گھوٹو

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللہ ولی الذین امنوایخرجھم من الظلمت الی النور والذین کفر وااولیاؤ ھم الطاغوت یخرجونھم من النور الی الظلمت اولئک اصحٰب النار ھم فیھا خٰلدون. چار (۴) عدد تعویز لکھیں ایک تعویذ وما انفقتم والا گلے میں گھنٹی (ٹلی) سے باندھیں تین عدد تعویذ پانی میں بھگو کر

جانور کے منہ پر چھینٹے ماریں انشاءاللہ مرض سے چھٹکارا ہوگا۔

(عمل برائے گائے بھینس جو حاملہ نہ ہوتی ہو)

اول آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۃ واقعہ (پ ۲۷) تین بار پڑھ کر مسور پر دم کریں اور تین دن جانور کو کھلائیں۔ مراد پوری ہوگی۔

برائے دفع مرگی

سورۃ الاعلیٰ (پ ۳۰) لکھ کر تانبے میں مڑھا کر گلے میں ڈالیں فائدہ ہوگا۔ انشاءاللہ

غائب کو حاضر کرنے کا عمل

لفظ والضحیٰ ایک لاکھ بار پڑھیں۔ اگر ایک لاکھ بار پڑھنے سے حاضر نہ ہوتو ایک لاکھ مرتبہ اور والضحیٰ پڑھیں۔ اگر پھر بھی حاضر نہ ہوتو ایک لاکھ بار اور پڑھیں پھر بھی حاضر نہ ہوتو اسے مردہ سمجھیں۔

گمشدہ چیز کے ملنے کا عمل

اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہوتو ۱۱۹ مرتبہ بلا کم وبیش یا حفیظ پڑھیں اور ۱۱۹ مرتبہ یَـا بُـنَـیَّ اِنَّهَـا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ سَخْرَةٍ اَوْفِی السَّمٰوٰتِ اَوْفِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَااللّٰه.

اول آخر: گیارہ (۱۱) گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاءاللہ گم شدہ چیز مل جائے گی۔

دوسرا عمل

وَاذْکُرْ رَّبَّکَ اِذَا نَسِیْتَ بکثرت پڑھے گم شدہ شئے مل جائے گی۔ انشاءاللہ

ناف ٹل جانے کیلئے تعویذ

۷۸۶

الٰہی بحرمت حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ

الٰہی بحرمت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ	تلک حدود اللہ ولا تحتدوھا	الٰہی بحرمت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

الٰہی بحرمت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ

یہ تعویذ لکھ کر موم جامہ کر کے کمر پر باندھیں انشأ اللہ فائدہ ہوگا۔

عمل برائے ترقی دارین اور حل المشکلات

قصیدہ غوثیہ بعد نماز مغرب ۱۱بار پڑھیں

عمل برائے حل مشکلات ضروریات وحاجیات قلبی

نماز تہجد کے بعد ہزار مرتبہ یارب پڑھیں اول آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

عمل برائے ادائیگی قرض

اول آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف نماز فجر کے بعد سو مرتبہ

بِسْمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ

وَاغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

عمل برائے امراض لاعلاج

بِسْمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیْمِ ویشف صدور قوم مؤمنین وشفأ لمافی

الصدور يخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فيه شفاء للناس و ننزل من القرآن ماهو شفآء ورحمة للمؤمنين واذا مرضت فهو يشفين قل هو للذين امنوا هدى وشفاء . آیات شفاً چینی یا شیشہ کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں تین روز یا سات روز کے عمل سے انشاً اللہ شفاء ہو گی۔

عمل ثانی برائے امراض لاعلاج

چینی کی سفید پلیٹ پر یہ الفاظ لکھ کر مریض کو پلائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم یاحی حین لا حّی فی دیموته ملکه وبقائه یا حی. سورۃ فاتحہ کا اضافہ کرلیں تو فائدہ ہوگا۔

طریقہ استخارہ

بعد نماز عشاً دو رکعت نماز نفل استخارہ پڑھیں۔ سوتے وقت تین بار سورۃ یٰسٓ پڑھیں۔

اول آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف اس کا ثواب خواجہ غلام حسن سواگ اور حضرت مرشد محمد عبداللہ بارو کریم کو اس کا ثواب بخشیں دایاں ہاتھ دائیں کان کے نیچے رکھ کر بصورت اسم محمد سو جائیں۔ انشاً اللہ خواب میں مقصد کی طرف اشارہ ہو گا یا صحیح مقصد کی طرف دل مائل ہو گا۔

سانپ کے کاٹنے کا عمل

اول آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف سورۃ فاتحہ ۷ بار آیت الکرسی ۳ بار سورۃ کافرون ۲ بار سورۃ اخلاص ۱۲ بار سورۃ فلق ۲ بار سورۃ الناس ۲ بار نمک پر دم کر کے مار گزیدہ کو کھلائیں اور زخم پر لگائیں روغن زرد (گھی) اور پیاز سے پرہیز کریں۔

نوٹ ضروری: یہی مذکورہ دم اگر دیوانہ کتے کے کاٹنے پر کریں تو آیت الکرسی کے بغیر نمک پر دم کریں انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

تعویذ وعمل برائے زیادتی مکھن

اول آخر ۱۴ مرتبہ درود شریف سورۃ قدر ۱۴ مرتبہ مٹکی (مٹوری) پر دم کریں اور یہ تعویذ مدھانی پر باندھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

انا اعطینک	الکوثر	فصل لربک	وانحر
الکوثر	فصل لربک	وانحر	ان شانئک
فصل لربک	حافظ بکو	وایلامین	هوالاتبر
وانحر	ان شانئک	هوالابتر	ناامین

عمل برائے دفع چیچک

عمل: نیلے دھاگے کی (۳۱) تاریں لے کر اس پر سورۃ الرحمٰن پڑھیں۔ فبای الاء ربکما تکذبن پر گرہ دیں اس طرح (۳۱) گرہیں آئیں گی۔ دھاگہ چیچک کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ شفا ہوگی۔ انشاءاللہ

عمل برائے دفع درد ہر قسم

آیت کریمہ لوانزلنا هذا القرآن علٰی جبل لرایته خاشعا متصدعا من خشیة الله وتلک الامثال نضربها للناس لعلهم یتفکرون یا

شافی یا شافی متواتر تین دن کاغذ پر لکھ کر پانی میں دھو کر پلائیں اور درد کے مقام پر مالش کریں۔ انشاءاللہ درد دفع ہوگا۔

تعویذ برائے نفع کاروبار و تجارت

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم فاستبشروا ببیعکم الذی بایعتم به وذلک هو الفوز العظیم وصلے الله علىٰ خیر خلقه محمد و آله واصحابه اجمعین

یہ تعویذ تاجر چاندی میں مڑھا کر دائیں بازو میں باندھے اور اس تعویذ کو پیسے رکھنے والے مقام گلہ میں رکھے۔ انشاءاللہ برکت ہوگی۔

عمل برائے دفع نامردی

مرغی کے چار انڈے لیکر ابال لیں دو کو چھیل کر ان پر یہ لکھیں۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم والسمآء بنیںها باید وانا لموسعون یہ دو انڈے مرد کے لیے ہیں دو انڈے عورت کے لیے ہیں ان پر یہ لکھیں۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم والارض فرشنها فنعم الماهدون. مرد و عورت ایک ایک انڈہ پہلی رات کھائیں اور وظیفۂ زوجیت ادا کریں اسی طرح دوسرا انڈا دوسری رات کھائیں یہ عمل بندش قوت باہ اور نامردی کے لیے مفید ہے۔

تعویذ برائے محبت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

یحبونهم کحب الله یاغفار ا	والذین امنوا اشد حبا لله یا کریم ۱۴	والقیت علیک محبة منی یا کریم ۱۱	انه لحب الخیر لشدید یا ودود ۸
انه لحب الخیر لشدید یا ودود ۱۲	والقیت علیک محبة منی یا کریم ۷	والذین امنوا اشد حبالله یا رحیم ۲	یحبونهم کحب الله یالطیف ۱۳
والذین امنوا اشد حبا لله یالطیف۶	یحبونهم کحب الله یارحمن ۹	انه لحب الخیر لشدید یا رحیم ۱۶	والقت علیک محبة منی یارحمن ۳
والقیت علیک محبة منی یا رحمن ۱۵	انه لحب الخیر لشدید یا ودود ۴	یحبونم کحب الله یا کریم۵	والذین اٰمنوا اشد حباالله یارحیم ۱۰

الحب ____________ بن ____________

علےٰ حب ____________ بنت ____________

چاندی میں مڑھا کے خوشبو لگا کر دائیں بازو پر باندھے۔ برائی کی نیت سے اُلٹا اثر ہوگا۔

عمل برائے دفع اثر جادو

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم اعوذبكلمات الله التامات كلها من شر ما خلق اعوذ بكلمات الله التامات الهامات من غضبه وعقابه ومن شر عباده و من همزات الشياطين و ان يحضرون بسم الله الذى لا يضر مع اسمه شئى فى الارض ولافى السمآء وهو السميع العليم. ولا حول ولاقوة الا بالله العلى العظيم يا شافى يا شافى يا شافى وصلے الله علىٰ خير خلقه محمد و آله واصحابه اجمعين.

یہ تعویذ چاندی میں مڑھا کے بازو یا گلے میں باندھیں۔اگر آدمی کے تمام بدن پر جادو کیا گیا ہو تو تعویذ کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھوئیں اکثر پانی پی لیں اور تھوڑا سا پانی کڑوے تیل میں ڈال کر مقام درد پر ملیں انشاءاللہ جادو کے اثر سے نجات ہوگی۔

عمل برائے دفع شر آندھی

شہادت کی انگلی سے ہوا میں ابتداء سے انتہا تک بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم لکھنے سے آندھی رک جاتی ہے بِسْمِ اللهِ مکمل پڑھتے رہیں اور آندھی کی طرف دم کرتے رہیں۔

عمل برائے عقیمہ یعنی جسے بچہ نہ ہوتا ہو

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ولوان قرٰانا سيرت الجبال و قطعت به الارض او كلم به الموتى بل الله الامر جميعا افلم يايئس الذين امنوا ان لويشاء الله لهدى الناس جميعا

طریقہ ستعمال

یہ آیت ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے ملا کر لکھیں عورت اس کو کمر میں باندھے انشاء اللہ حاملہ ہوگی۔

نمبر۲: سفید کاغذ پر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیۡم یا مبدئ نو(۹) عدد پر چوں پر لکھے اور جب عورت ایام حیض سے فارغ ہو یعنی غسل کر لے تو تین دن متواتر ایک ایک تعویذ پانی میں حل کر کے پئے۔

اور اس دوران خاوند سے ہم بستر بھی ہو یہ عمل تین ماہ جاری رکھیں یعنی ہر ماہ تین تعویذ پئے جائیں۔ اور یہ آیات لکھ کر موم جامہ برائے نرینہ اولاد کر کے گلے میں ڈالیں اور اس طرح لٹکائیں کہ تعویذ ناف سے دو انگل نیچے رہے انشأ اللہ حاملہ ہوگی۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیۡم اللّٰہُ یعلم ما تحمل کل انثیٰ وما تغیض الارحام وما تزداد و کل شئی عندہ بمقدار. عالم الغیب والشھادۃ الکبیر المتعال یا زکریا انا نبشرک بغلم ن اسمہ یحییٰ لم نجعل لہ من قبل سمیاوصلی اللہ تعالیٰ علےٰ خیر خلقہ محمد و آلہ اصحابہ اجمعین انشأاللہ اولاد نرینہ ہوگی۔

تعویذ برائے خشک شدہ حمل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیۡم ط سبحن الذی خلق الازواج کلھا مما تنبت الارض و من انفسھم ومما لا یعلمون. یہ تعویذ سفید چینی کے برتن میں لکھ کر چالیس روز تک دھو کر عورت کو پلائیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خشک شدہ بچہ تازہ ہو کر اپنے وقت پر پیدا ہوگا۔ انشأ اللہ

تعویذ برائے دفع دردزہ

والقت مافیها وتخلت واذنت لربها وحقت اهیأ اشراهیا

پاک کپڑے میں باندھ کر یہ تعویذ عورت کی بائیں ران سے باندھیں انشاءاللہ بچہ باآسانی پیدا ہوگا۔

نوٹ: جب بچہ کچھ ظاہر ہو تو تعویذ فوراً کھول دیں۔

تعویذ برائے بقائے حمل

۷۸۶/۹۲

یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض

بِسۡمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیۡم یا یحییٰ خذ الکتاب بقوة واتینه الحکم صبیا وَصلے الله علی خیر خلقه محمد واله واصحابه اجمعین

یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں انشاءاللہ حمل باقی رہے گا۔

تعویذ برائے گریہ طفلاں

بِسۡمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیۡم ط ط ط ط ط ط ط ه ه ه ه ه ه ه ه ه ه قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس و صلے الله عَلٰی خَیر خَلۡقِه مُحَمَّد وَآلِه وَاَصۡحَابه اَجۡمَعِیۡن.

عمل برائے دفع ام الصبیان برائے بچہ

اَعُوۡذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡم بِسۡمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيۡم . يَاغَوۡث انه من سُلَيۡمَان بِنۡ دَاؤد عَلَيۡهِ السَّلَام اهيا اَشۡرَاهيا يَاغفور وَاجۡعَلۡ فِىۡ اَسۡعَرحَالـه خَالداو مخلد يا حافظ ادرک بعون الله يَاالله يَاالله يَاالله بِرَحۡمَتِک يا ارحم الراحمين.

یہ تعویذ لکھ کر کپاس اور کپڑے میں بند کر کے لڑکے کیلئے چمڑے (لکی) میں بند کریں اور لڑکی کیلئے چاندی میں مڑھا کے بوقت دورہ گلے میں ڈالیں اور یہ تعویذ دھونی کیلئے دیں۔ دھونی خوشبودار تیل اگر نہ ملے تو شلجم کے تیل میں بھگو کر دورہ کے وقت دھونی دیں۔

تعویذ یہ ہے۔ بحلیح و

تعویذ برائے بندش بول و براز و پتھری و بندش حیض

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم. اِنَّا اَعۡطَيۡنٰکَ الۡکَوۡثَرۡ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانۡحَرۡ اِنَّ شَانِئَکَ هُوَالۡاَبۡتَرُ

پانی میں حل کر کے پلائیں۔

تعویذ برائے دفع سلسل البول دفع جریان خون و کثرت حیض ونکسیر

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم وَقِيۡلَ يٰارض ابلعی ماء ک ويٰسماء اقلعی وغيض المآء وقضی الامر. قل ارء يتم ان اصبح مآؤكم غورا فمن ياتيكم بماء معين

پانی میں حل کر کے پلائیں۔

تعویذ عطیہ مولا علی مشکل کشا کرم اللہ وجہ الکریم

یہ تعویذ گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھیں یا پانی میں حل کر کے مریض کو پلائیں اس تعویذ کا حامل ہر بلا، جادو و مصیبت سے محفوظ رہے گا اور جس مرض سے ڈاکٹر و حکیم عاجز ہو گئے ہوں اس تعویذ کے استعمال سے انشاء اللہ شفاء ہو گی۔

تعویذ برائے جمیع آفات بلیات سحر نظر بد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم .یَاحی حین لا حی فی دیموته ملکه وبقائه یا حی.

۷۸۶

نصر	من	اللہ و	فتح قریب
جبرائیل	میکائیل	اسرافیل	عزرائیل
توراۃ	انجیل	زبور	فرقان
بحق ایاک	نعبد	وایاک	نستعین

لامر جاء الله النصر فعلینا لا ینصرون الٰهی بحرمت محمد ﷺ
ودوست محمد صاحب قندھاروی وحضرت مولوی محمد عثمان دامانی وحضرت مولوی سراج الدین دامانی از آفات بلیات امراض سحر و جادو چشم بد درخود بدار وصحت کاملہ وشفائے عاجلہ نصیب گردان۔ پلائیں یا گلے یا بازو میں باندھیں۔

ارشادِ مرشد

حضور مرشد کریم قبلہ بارو قدس سرہ العزیز نے فرمایا۔

ارشادِ اول: اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم علیہ الصلاۃ والسلام کو علم غیب ما کان ومایکون عطا فرمایا۔ یہ عقیدہ ہرگز شرک وکفر نہیں کیونکہ حضور پرُنور کا علم ما کان وما یکون بالاستفادہ بالواسطہ بالعرض عطائی وھبی ممکن، حادث متناہی مخلوق جائز الفناء ممکن الزوال ہے اور علم الٰہی ذاتی قدیم واجب ازلی ابدی سرمدی حقیقی غیر متناہی غیر ممکن الفناٗ اور ممتنع الزوال ہے۔ اور تمام مشائخ نقشبندیہ کا یہی عقیدہ ہے۔

دلیل نمبرا:۔ میرے دادا پیر خواجہ محمد عثمان دامانیؒ نے منکر علم غیب انبیاء واولیاء مولوی حسین علی بھچروی کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا اولیا ہمہ ے دانند ولیکن ماموربہ اظہار نیستند اولیأ سب کچھ جانتے ہیں مگر انہیں (بعض اوقات) اظہار کی اجازت نہیں ہوتی یعنی انہیں علم ظاہر کرنے کا خدا کی طرف سے حکم نہیں ہوتا اور بے علم جاہل اور بے ادب انہیں بے علم سمجھتا ہے۔

دلیل نمبر۲:۔ حضرت خواجہ محمد عثمان دامانی غریق بحور رحمانی کے دادا پیر شاہ احمد سعید مجددی (جو کہ مجدد الفِ ثانی کی اولاد ہیں) نے فرقہ وھابیہ کے عالم مولوی اسحاق کی کتاب مسائل اربعین کا رد بنام تحقیق الحق المبین لکھا۔ (یہ کتاب دربار موسیٰ زئی شریف اور دریا خان صاحبزادہ محمد جان کے پاس فقیر نے دیکھی تھی۔ حضرت بارو کریم نے یہ کتاب فقیر کو عطا فرمائی تھی۔ اور ترجمہ کرنے کا حکم فرمایا تھا۔ فقیر نے اس کا ترجمہ مکمل کرلیا ہے۔) اس کتاب میں تمام نقشبندیوں (خان محمد کندیاں والے۔ دوست محمد قریشی، عمر قریشی، عبداللہ بھلی والے، غلام حبیب چکوالی، وغیرھم) کے پیر پیران نے لکھا آیت کریمہ مَاادریٰ مَا یفعل بی ولا بکم منسوخ ہے۔ حضور نے تمام امور آئندہ جو قیامت تک ہونے والے ہیں سب کی خبر دے دی اس عطائی علم کا انکار کرنا بدترین قسم کی جہالت ہے۔

دلیل نمبر۳:۔ میرے مرشد سواگؒ لوگوں کو ڈانٹ کر فرماتے تھے کہ حضور ﷺ قاب قوسین اوادنیٰ کے مقام پر پہنچ گئے غیب الغیب بھی ان سے نہیں چھپا اور تم حضور ﷺ کے علم غیب کا انکار کرتے ہو۔ (پیر سواگؒ کے صاحبزادے خواجہ فقیر محمدؒ نے کتاب نجم الرحمٰن میں منکرین علم غیب کی قرآنی رو سے تکفیر فرمائی) مولوی منور دین (حسین علی بھچروی کے شاگرد) نے دوران تقریر پیر سواگؒ سے سوال کیا کہ منافقین نے ام المؤمنین سیدہ صدیقہ پر تہمت لگائی تو (معاذ اللہ) حضور کو ان کی پاک دامنی کی کچھ خبر نہ تھی۔ حضور پیر سواگؒ نے جوش میں آکر فرمایا اے عظمتِ رسول کے منکر تو مرتد ہو کر مرے گا۔ چنانچہ وہ گستاخ قادیانی دجال کی امت میں داخل ہو کر ان کو اپنے علماء کے فتوے کی رُو سے بھی مرتد ہو گیا اور واصل جہنم ہوا۔ ازواج انبیا کا عفت مآب ہونا لازمۂ نبوت ہے۔ جس طرح حضور ﷺ کو اپنی نبوت و رسالت کا علم یقینی تھا اسی طرح سیدہ صدیقہ کی پاک دامنی کا علم بھی یقینی اور ابتداء ہی سے تھا۔ کیونکہ جنت سے جبرائیل علیہ السلام سیدہ صدیقہؓ کی تصویر لے کر آئے تھے۔ اور

عرض کی یہ اس دنیا اور جنت میں آپ کی زوجہ مطہرہ ہے ؓ وجہ ہے کہ سورۂ نور کی آیات کے نزول سے قبل فرمادیا تھا۔ واللہ ماعلمت علی اھلی الاخیرا (بخاری) خدا کی قسم میں اپنے اہلخانہ پر سوائے خیر و بھلائی کے اور کچھ نہیں دیکھتا۔

ارشاد مرشد در بارہ حاضر ناظر نبی و نور میرے پاک مرشد مجدد الفِ ثانی، امام ربانی قیوم زمانی مکتوبات شریف میں فرماتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا کہ سب سے اول خدا تعالیٰ نے میرے نور کو پیدا فرمایا۔ اور حضور ﷺ نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ کے نور سے پیدا ہوا ہوں اور مؤمن میرے نور سے۔ پس یہی حقیقت باقی تمام حقائق اور حق تعالیٰ کے درمیان واسطہ ہے۔ اور حضور ﷺ کے واسطے کے بغیر کوئی مطلوب تک نہیں پہنچ سکتا۔ آپ تمام انبیاء و مرسلین کے بھی نبی ہیں آپ کا تشریف لانا جہان کے لیے رحمت ہے (مکتوبات امام ربانیؒ) خواجہ دوست محمد قندھاروی بانی خانقاہ معلیٰ موسیٰ زئی شریف کے پیر و مرشد اپنی مایہ ناز تصنیف تحقیق الحق المبین میں حضور ﷺ کی حقیقت نورانیہ کو ہر جگہ حاضر ناظر مان کر نماز میں السلام علیک ایھا النبی کہنے کا راز بھی یہی بتاتے ہیں اور ہمارے مجدد الف ثانیؒ مکتوبات شریف میں آپ کے بدن مبارک کو نوز اور سارے جہان کی لطیف چیزوں سے الطف زیادہ لطیف مان کر بے سایہ (نور مجسم) بتاتے ہیں اور حضرت قندھارویؒ کے مرشد شاہ احمد سعیدؒ نے بھی حضور ﷺ کو بے سایہ ذاتی نور لکھا۔ اور جن عقل کے اندھوں نے حضور ﷺ کو محض ایک بشر کہا حضرت مجدد الف ثانیؒ نے انہیں منکر کا فرقرار دیا ہے۔ (مکتوب ۶۴ دفتر سوم)

ایک اور مقام پر مجددؒ فرماتے ہیں جاننا چاہیے کہ حضور ﷺ کی پیدائش دیگر افراد کی طرح نہیں کیونکہ حضور ﷺ (ظاہراً) باوجود عنصری پیدائش کے (حقیقۃً) اللہ کے نور سے پیدا ہوئے ہیں جیسا کہ حضور ﷺ نے خود فرمایا خُلِقْتُ مِنْ نُّوْرِ اللّٰہ یعنی میری تخلیق اللہ

کے نور سے ہوئی۔ کسی دوسرے کو یہ سعادت میسر نہیں (مکتوب ۱۰۰ دفتر سوم) بانی خانقاہ معلیٰ موسیٰ زئی شریف کے پیر شاہ احمد سعید مجددی مدنی نے تحقیق الحق المبین میں لکھا کہ حضور ﷺ اور دیگر انبیاء علیہم السلام کو فقط بشر کہنا طریقۂ کفار ہے جیسا کہ آج کل ایک جدید بدعتی گروہ (وہابیہ) نے اپنا شعار بنایا ہوا ہے۔ کہ ہر جگہ ہر سٹیج پر بشر بشر کی رٹ لگاتے ہیں مولوی حسین علی بھچروی کی نظر ثانی شدہ کتاب مجموعہ فوائد عثمانی میں ہے کہ حضرت خواجہ محمد عثمانؒ پر حضور ﷺ کی محبت اس قدر غالب تھی کہ وہ ہر در و دیوار سے جلوۂ محبوب کا مشاہدہ فرماتے تھے۔ ارشاد فرمایا یہ اہل نظر کا مسئلہ ہے کور باطن اسے کیا سمجھیں گے فرمایا مجھے حیرت ہوتی ہے کہ بانی دیوبند قاسم نانوتی آب حیات اور تحذیر الناس میں حضور ﷺ کو جان سے بھی زیادہ قریب مانتے ہیں اور یہ لوگ شرک کا فتوی لگاتے ہیں۔ اکابرین دیوبند کے پیر حاجی امداد اللہ مہاجر مکی شائم امدادیہ اور امداد المشتاق میں حقیقت محمدیہ کو عالم امر کی مخلوق مان کر زمان و مکان کی قیود سے پاک بناتے ہیں۔ اور یہ لوگ ہم پر کفر و شرک کے فتوے لگاتے ہیں۔ حالانکہ ہم نے بھی وہی کچھ کہا جو ان کے اکابرین کے پیر و مرشد نے کہا۔

مولانا جامی (جن کی کتاب شرح جامی پڑھ کر یہ لوگ علم کی سند حاصل کرتے ہیں۔) جو خواجہ عبید اللہ احرار نقشبندی کے مرید ہیں نے اپنی کتاب شواہد النبوۃ میں حضور ﷺ کو ذاتی نور حاضر ناظر اور غیب دان مان کر آج کل کے نام نہاد بناوٹی نقشبندیوں کی ناپاک کوششوں کو خاک میں ملا دیا۔ میرے قبلہ عالم پیر سواگؒ لجپال اکثر یہ بیت پڑھتے تھے۔

آدم ھاوچہ چکڑ پانی۔ ذات تیڈی اگیں رب کوں بھانی

میرے لجپال سواگؒ حضور ﷺ کو ذاتی نور اور آپ کی ذات کو آدم علیہ السلام سے پہلے مانتے تھے۔

فقیر نیرؔ کہتا ہے میرے قبلہ عالم بارو کریمؒ اکثر یہ اشعار گنگنا کر پڑھتے تھے۔

ایں گھجڑے بھید احمدی کہیں کوں کل نہ پئی اج تائیں
سے بُھل بُھل تے گئے رُل رُل حقیقت ہتھ نہ آئی اج تائیں
نبی ھاویں تو دلدارا اجاں آدم ھا گلِ گارا
اول آخر تیڈا دارا یویں لک لک مُسائی آج تائیں

لطیفہ: فقیر نیر کہتا ہے ہمارے ایک قابل صد احترام عالم دین نے اپنی ایک کتاب ھدایت المتذبذب والحیران میں ملا علی قاری کے اس بے اصل اور مردود قول (جس سے ان کا رجوع بھی ثابت ہے) کو دلیل بنا کر لکھا کہ حضور ﷺ چالیس سال تک صرف ولی تھے۔ نبی نہیں تھے نبوت چالیس سال کے بعد ملی آج ان کی تقریروں کی کتاب، سیالوی تقریریں کا صفحہ ۲۷ نظر سے گزرا جس میں یہ فقرہ بھی نظر سے گزرا۔ سرکار دو عالم نے فرمایا کہ جب آدم کے روح و جسم کا تعلق ابھی برقرار نہیں ہوا تھا بلکہ نہ ان کا روح پیدا کیا گیا نہ جسم وجود میں آیا تھا نبی پاک فرماتے ہیں میں اس وقت تاج نبوت پہنے ہوئے تھا۔ بلفظہٖ خدا جانے اس وقت غلطی پر تھے یا اب غلطی پر ہیں؟ کیا پیدائش کے وقت خدا نے وہ تاج نبوت آپ کے سر سے اتار لیا؟ معاذ اللہ

ان کا کوئی شاگرد رشید یا خود میرے قابل احترام بزرگ اس لاینحل عقدہ کو حل کر دیں تو عنایت ہوگی۔

ارشاد مرشد در بارہ اختیارات مصطفیٰ[۱۴]

ارشاد فرمایا کہ منکرینِ اختیارات مصطفیٰ ﷺ اپنے باطل دعوے کی تائید میں جس قدر دلائل پیش کرتے ہیں ان کا مفہوم صرف اس قدر ہے کہ کائنات کا حقیقی مالک اور علیٰ کل شئ قدیر صرف اللہ تعالیٰ ہے اور اس سے کسی کو انکار نہیں نفع ضرر اور ہدایت کا خالق اور موجد صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ بے ارادۂ الٰہی کوئی کچھ نہیں کر سکتا اور حضور علیہ السلام کے

بارے ہمارے اکابر نقشبند اور جمیع اہلسنت کا یہ عقیدہ ہے کہ آپ باعطائے الٰہی باذن خداوندی خدائی کے مختار کل نافع، مشکل کشا، دافع البلاء، حاجت روا، ہادی اور خدا کے خزانوں کے قاسم ہیں۔ خدا ان کی رضا کا طالب اور وہ خدا کی مرضی کے پابند ہیں ارشاد فرمایا کہ ہم انک لاتھدی میں صرف خدا ہی کو ہدایت کا خالق مان کر انک لتھدی الی صراط مستقیم میں حضور علیہ السلام کو باذنِ خدا ہدایت کا قاسم مانتے ہیں۔ ارشاد فرمایا کہ حضور ﷺ کے ہاتھ کو خدا نے یداللہ قرار دیا۔ تو کونسی ایسی چیز ہے جو یداللہ میں نہیں۔ اسی لیے ہم حضور ﷺ کو مختار کل مانتے ہیں ارشاد فرمایا خدا نے انا اعطینک الکوثر فرما کر آپ کو ساری کثرت عطا فرما دی حضور ﷺ غنی بلکہ اغناھم اللہ ورسولہ فرما کر غنی بنانے والا فرمایا۔

ارشاد فرمایا حضرت امام احمد صاویؒ نے حاشیہ جلالین میں لیس لک من الامر کے تحت فرمایا کہ اس آیت میں خلق و ایجاد کی نفی ہے ورنہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو تمام خزانوں کی کنجیاں عطا فرما دی ہیں پس جس شخص نے یہ گمان کیا کہ حضور ﷺ باقی عام لوگوں کی طرح کسی شئے کے مالک و مختار نہیں اور آپ کی ذات پاک سے ظاہری و باطنی کوئی نفع نہیں تو ایسے گندے عقیدے والا شخص کافر ہے دنیا و آخرت کا زیان کار ہے اور آیت لیس لک من الامر سے اس کا دلیل پکڑنا کھلی گمراہی ہے۔ (ترجمہ صاوی) ارشاد فرمایا شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ ص ۳۹۶ ج ۱۔ میں فرماتے ہیں تمام کام حضور ﷺ کے دست ہمت و کرامت میں ہیں جو چاہیں جس کو چاہیں اپنے رب کے اذن سے عطا فرماتے ہیں دنیا و آخرت آپ کی سخاوت سے ہے لوح و قلم کا علم آپ کے علم کا قطرہ ہے۔ اگر تو دنیا و عقبیٰ کی خیریت چاہتا ہے۔ تو حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر جو چاہے طلب کر لے نیز شیخ محقق نے فرمایا

کہ حضور ﷺ مملکت خدا کے امور کے متولی ہیں کون و مکان کے تمام امور اور کام حضور ﷺ کو سونپے گئے۔ (اشعۃ اللمعات ص ۶۴۴ ج ا)

خدا تعالیٰ نے منکرین کے شیخ الہند محمود الحسن دیوبندی سے لکھوا دیا ہے اپنے رسالہ ادلہ کاملہ میں لکھتے ہیں کہ آپ ﷺ اصل میں بعد خدا مالک عالم ہیں جمادات ہوں یا حیوانات بنی آدم ہوں یا غیر بنی آدم القصہ آپ اصل میں مالک ہیں اور یہی وجہ ہے کہ عدل ومہر آپ ﷺ کے ذمہ واجب الاداء نہ تھا۔

ارشاد چہارم دربارہ نداوسیلہ واستمداد

مرشد بارو کریم نے فرمایا کہ محبوبان خدا کو واسطۂ رحمت الٰہی اور غیر مستقل سمجھ کر امداد ظاہری ان سے طلب کرنا ایاک نستعین کے خلاف نہیں ہے مولوی حسین علی بھچروی کی نظر ثانی شدہ کتاب مجموعہ فوائد عثمانی میں میرے دادا پیر خواجہ محمد عثمان داماںؒ نے منکرین استمداد از ارواح اولیا کو لامذھباں قرار دیا۔ اور خواجہ قندھاروی کے مرشد شاہ احمد سعید مدنیؒ نے تحقیق الحق المبین میں منکرین استمداد انبیاء و اولیاء کو اور ندا (یارسول اللہ یا علی یا غوث) اور وسیلہ کے منکرین کو گمراہ اور طائفہ ضالہ قرار دیا۔

ارشاد فرمایا دارالعلوم دیوبند کے صدر المدرسین مولوی حسین احمد نے الشہاب الثاقب نامی کتاب میں اس فرقہ ضالہ کو اھل حرمین کی نظر میں یہود و نصاریٰ ہنود و مجوس سے بدتر فرقہ قرار دیا جو ندا یارسول اللہ ﷺ کا منکر ہے اور توسل و ندا یارسول اللہ ﷺ کے منکرین کو فرقہ وہابیہ خبیثہ قرار دیا اب آپ لوگ خود سوچ لیں کہ دیوبند کے شیخ الاسلام کے فتویٰ کی رو سے یہ کون ہیں۔؟

ارشاد فرمایا حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ مکتوب ۵۸ دفتر دوم میں فرماتے ہیں کہ اولیاءؒ کے لطائف بشری شکل میں متشکل ہو کر مختلف مکانوں میں حاضر ہوتے ہیں اور

امداد کرتے ہیں۔ حضرت محمد عثمان داماںؒ مجموعہ فوائد عثمانی میں فرماتے ہیں کہ تمام حاجات پیرانِ کبار کے وسیلہ سے مانگے۔ نیز فرمایا پیر دستگیر غوث پاک سے مدد مانگے اور ان کے وسیلہ سے دعا مانگے تیرھویں صدی کے مجدد حضرت شاہ غلام علیؒ دہلوی نقشبندی فرماتے ہیں کہ ایک رات میں نے پکارا یا رسول اللہ ﷺ تو میں نے جواباً آواز سنی لبیک یعنی میں حاضر ہوں۔ ان لوگوں پر افسوس ہے جو نقشبندی بھی کہلاتے ہیں اور اکابر نقشبند کو مشرک بھی کہتے ہیں۔

ارشاد پنجم در بارہ نذر و نیاز اولیأ

مرشد کریم بارو لچپال نے فرمایا کہ منکرین اس بارے میں جو دلائل پیش کرتے ہیں ان کا مفہوم صرف اسقدر ہے کہ نذر شرعی جو حقیقۂ عبادت ہے اور کسی جانور کو بہ قصد تقرب علے وجہ العبادۃ کسی کے نامزد کرنا ناجائز اور شرک ہے اور اس سے کسی کو انکار نہیں لیکن بحث اس باب میں ہے کہ اولیأ کی نذر محض نذر لغوی یا عرفی یعنی ہدیہ و نذرانہ ہے یا وصال یافتہ بزرگ کے لیے بہ قصد ایصالِ ثواب کوئی جانور یا مٹھائی یا کسی طعام وغیرہ کو نامزد کر دیا اور شرعی اللہ تعالیٰ کے لیے تو یہ فعل شرعاً جائز ہے یا نہ؟ جمیع اکابر نقشبند اور جمیع علمائے اہلسنت اور منکرین کے پیر حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے نزدیک یہ فعل شرعاً جائز ہے بلکہ باعث خیر و برکت ہے ہمارے حضرت شاہ رؤف نقشبندی جو شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ کے شاگرد بھی ہیں تفسیر رؤفی میں تفسیر عزیزی کی عبارت در بارہ وما اہل بہ لغیر اللہ کو الحاقی اور مخالفین کی شرارت قرار دیتے ہیں کیونکہ محدث دہلوی کا یہ عقیدہ نہیں تھا۔

نوٹ: فقیر نیر کہتا ہے اس عبارت کی بہترین توجیہ حضور غزالیٔ زمان کاظمی کریم نے مقالات کاظمی میں فرمائی ہے۔

ارشاد ششم در بارہ حیات انبیاؑ

مرشد بارو کریمؒ نے فرمایا حیات النبی پر پوری امت کا اجماع ہے شیخ محقق نے اس مسئلہ پر پوری امت کا اجماع نقل کیا ہے۔ اس کا منکر امت سے تو خارج ہوسکتا ہے مگر یہ عقیدہ غلط نہیں ہوسکتا۔ مکتوبات قدس آیات میں امام ربانی مجدد الف ثانی تمام انبیاؑ کو زندہ مانتے ہیں۔

ساتواں ارشاد در بارہ عُرس مبارک

مرشد کریم نے فرمایا مکتوبات امام ربانی میں اور شاہ غلام علیؒ دہلوی کے ملفوظات در المعارف اور مجموعہ فوائد عثمانی میں عرس کو جائز قرار دیا گیا ہے۔ اکابر دیو بند کے مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ فیصلہ ہفت مسئلہ شمائم امدادیہ اور امداد المشتاق میں عرس میلاد قیام فاتحہ گیارہویں شریف کو جائز قرار دیتے ہیں اب منکرین کی کیا حیثیت ہے؟

آٹھواں اہم ارشاد مرشد

مرشد کریم نے فرمایا میرے آقا علیہ السلام نے فرمایا میری امت تہتر (۷۳) فرقوں میں بٹ جائے گی۔ ان میں سے نجات پانے والا صرف ایک ہی فرقہ ہوگا۔ جو سواد اعظم صراط مستقیم پر ہوگا۔ اور ان کا عقیدہ انبیاؑ صدیقین شہدأ و صالحین کی جماعت والا ہو گا۔ ما انا علیہ واصحابی کی رُو سے صحابۂ رسول معیار حق ہیں حضرت صدیق اکبر ہم نقشبندیوں کے پہلے پیر نے وصیت فرمائی کہ میرا جنازہ درِ رسول پر لے جانا اگر روضۂ اقدس کا دروازہ سرکار کھول دیں تو مجھے روضۂ اقدس میں دفن کر دینا ورنہ جنت البقیع میں چنانچہ ایسا ہی ہوا دروازہ کھل گیا سرکار نے فرمایا حبیب کو حبیب سے ملا دو۔ حیات النبی کے عقیدہ پر صحابہ کا اجماع ثابت ہوا۔ صدیق اکبر نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی گھر میں خدا اور رسول کو چھوڑ

